ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 منگل یکم ربیع الاول 1447ھ 26 اگست 2025ء صفحات 08 شمارہ 51
رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 35 روپے

این ایف سی ایوارڈ پر پارلیمانی نمائندگی نہ رکھنے والی جماعتوں سے بھی مشاورت کرینگے، وزیراعلیٰ

تمام سیاسی جماعتوں اور ماہرین کی رائے شامل کی جائے گی، این ایف سی ایوارڈ مضبوط وفاق اور صوبوں کے درمیان ہم آہنگی کے فروغ کا ایک اہم موقع ہے

بلوچستان کے عوامی مفادات کو بھرپور انداز میں اجاگر کرنے کیلئے معاشی و اقتصادی ماہرین اور مختلف شعبوں کے ایکسپرٹس کی تجاویز کو بھی شامل کیا جائے گا، سرفراز بگٹی

وسائل کی منصفانہ تقسیم اور شفافیت ہی صوبوں کی ترقی اور ایک مضبوط وفاق کی ضامن ہے، مشاورت کا مقصد بلوچستان کا متفقہ اور مضبوط موقف سامنے لانا ہے

سب کی کامیابی ایک مضبوط اور مستحکم وفاق میں ہے این ایف سی ایوارڈ کو قومی یکجہتی اور باہمی اعتماد کے فروغ کا ذریعہ بنایا جائے گا، وزیراعلیٰ بلوچستان کا اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت این ایف سی ایوارڈ کی تیاری کے سلسلے میں ایک اہم اجلاس پیر کو وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ کوئٹہ میں منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے صوبے کی معاشی صورتحال اور مالی ضروریات پر تفصیلی بریفنگ دی اور آئندہ قومی مالیاتی کمیشن ایوارڈ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ این ایف سی ایوارڈ پر تمام سیاسی جماعتوں اور ماہرین کی رائے شامل کی جائے گی اس موقع پر وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ مشاورت کا دائرہ وسیع کرتے ہوئے پارلیمنٹ میں نمائندگی نہ رکھنے والی جماعتوں سے بھی رائے لی جائے گی تاکہ صوبے کا موقف جامع ہو۔ انہوں نے کہا کہ معاشی و اقتصادی ماہرین اور مختلف شعبوں کے ایکسپرٹس کی تجاویز کو بھی شامل کیا جائے گا تاکہ بلوچستان کے عوامی مفادات کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا جاسکے وزیراعلیٰ نے کہا کہ این ایف سی ایوارڈ مضبوط وفاق اور صوبوں کے درمیان ہم آہنگی کے فروغ کا ایک اہم موقع ہے۔ اس موقع پر انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ گیارہویں قومی مالیاتی کمیشن ایوارڈ میں بلوچستان کے عوام کی توقعات اور امیدوں کو شامل کیا جانا چاہیے تاکہ صوبے کی...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم کا سی پیک منصوبوں میں تاخیر پر نوٹس، رپورٹ طلب

منصوبوں کی رفتار تیز کرنے کے لیے فوری اقدامات اٹھائیں، وزارتوں کو ہدایت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے تحت متعدد اہم منصوبوں کی تکمیل کی ٹائم لائن گزر جانے اور کئی شعبوں میں تاخیر کا شکار ہونے پر وزیراعظم شہباز شریف نے سخت نوٹس لے لیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے متعلقہ...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم شہباز شریف سے 300 انسانی جانیں بچانے والے ہیروز ملاقات کررہے ہیں

300 جانیں بچانیوالے گلگت کے 3 شہری قومی ہیرو قرار، فی کس 25 لاکھ انعام کا اعلان

انسانی جانیں بچا کر آپ نے خدمت کے جذبے کا اظہار کیا، آپ جیسے لوگ پوری قوم کیلئے مسیحا کا درجہ رکھتے ہیں، شہباز شریف

وزیراعظم نے تینوں افراد کو شاباشی سرٹیفکیٹ دیئے چند روز میں گلگت بلتستان کے دورے کا عندیہ متاثرہ گاؤں کو ماڈل ویلج بنانے کا اعلان

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم سے گلگت بلتستان کے ضلع غذر میں بروقت اقدامات سے 300 انسانی جانیں بچانے والے تین ہیروز وحید خان، انصار اور محمد خان نے ملاقات کی۔ وزیراعظم نے انسانی جانیں بچانے پر گلگت بلتستان کے تینوں ہیروز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے انہیں 24 کروڑ عوام کا ہیرو قرار دیا اور تینوں کیلئے 25، 25 لاکھ روپے کے انعام کا اعلان کیا۔ وزیراعظم...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی این ایف سی ایوارڈ سے متعلق مشاورتی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

گریٹر اسرائیل منصوبہ ناقابل قبول، پاکستان اسے مسترد کرتا ہے، اسحاق ڈار

غزہ میں پناہ گزین کیمپوں، اسپتالوں پر اسرائیلی حملے عالمی قوانین کی صریحاً خلاف ورزی ہیں، نائب وزیراعظم

اسرائیلی حملوں میں بے گناہ فلسطینیوں کو شہید کیا گیا، غزہ میں 60 ہزار کے قریب بچے شہید کیے گئے

غزہ سے جبری بیدخلی اور قبضے کا فوری خاتمہ کیا جائے، عرب ممالک کی سالمیت کے حامی ہیں، او آئی سی وزرائے خارجہ کے اجلاس سے خطاب

جدہ (م ڈ) پاکستان نے فلسطینیوں پر اسرائیلی مظالم کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ گریٹر اسرائیل منصوبے کو ہم مسترد کرتے ہیں۔ غزہ میں پناہ گزین کیمپوں، اسپتالوں پر اسرائیلی حملے عالمی قوانین کی صریحاً خلاف ورزی ہیں۔ جدہ میں او آئی سی...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت کی جانب سے دریائے ستلج میں پانی چھوڑنے کے بعد حفاظتی بند ٹوٹنے سے سیلابی ریلے بستیوں میں داخل، لوگ سامان اٹھائے محفوظ مقام کی طرف منتقل ہو رہے ہیں

بھارت نے انڈس واٹر کمیشن کے بجائے سفارتی ذریعے سے آگاہ کیا، بھارت پر لازم ہے کہ وہ سندھ طاس معاہدے کی تمام شقوں پر مکمل طور پر عملدرآمد کرے، دفتر خارجہ

بھارت نے سیلاب کی وارننگ کیساتھ ہی دریائے راوی اور ستلج میں پانی چھوڑ دیا

حفاظتی بند ٹوٹ گئے، بستیاں زیر آب، فصلیں تباہ

بھارتی ہائی کمیشن نے دریائے توی میں سیلاب کے خدشے سے وزارت خارجہ کو آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ دریا میں پانی کے بہاؤ میں اضافے کے باعث ممکنہ سیلابی صورتحال پیدا ہو سکتی ہے

بھارت کا 24 گھنٹوں میں پاکستان سے دوسرا رابطہ، دریائے ستلج میں پانی چھوڑنے کے بعد شدید طغیانی ہوگی وزارت آبی وسائل نے متعلقہ 27 وزارتوں اور اداروں کو انتباہی خط جاری کر دیا

بھارت کا سندھ طاس معاہدے کو معطل قرار دینا بین الاقوامی قانون کی سنگین خلاف ورزی ہے، بھارت کے یکطرفہ اقدامات خطے کے امن و استحکام پر سنگین منفی اثرات ڈال سکتے ہیں، ترجمان دفتر خارجہ

ستلج سے متاثرہ اضلاع میں قصور، اوکاڑہ، پاکپتن، بہاولنگر اور وہاڑی شامل، دیہاتیوں اور ان کے مویشیوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا گیا، دھان، تل اور چارہ جات کی فصلیں مکمل طور پر تباہ ہوگئیں

اسلام آباد + لاہور (بیورو رپورٹ) بھارت نے 24 گھنٹوں میں پاکستان سے دوسرا رابطہ کر کے دریائے ستلج میں سیلاب کی پیشگی اطلاع دی، سفارتی ذرائع کے مطابق بھارتی ہائی کمیشن اسلام آباد نے وزارت خارجہ سے رابطہ کر کے دریائے ستلج میں سیلاب سے...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

ہنگو ایف سی قلعے پر دہشتگردوں کے حملے میں 3 اہلکار شہید، 17 زخمی

دہشتگردوں نے دوآبہ کے علاقے طورہ وڑی میں فیڈرل کانسٹیبلری کے قلعے کو نشانہ بنایا

پولیس اور ایف سی کی بھرپور جوابی کارروائی میں دہشت گرد فرار ہو گئے، ایس پی آپریشنز اسد زبیر

ہنگو (بیورو رپورٹ) ہنگو کی تحصیل ٹل کے علاقے دوآبہ میں فیڈرل کانسٹیبلری (ایف سی) کے قلعے پر حملے میں 3 اہلکار شہید اور 17 زخمی ہوگئے۔ ایس پی آپریشنز اسد زبیر کے مطابق دوآبہ کے علاقے طورہ وڑی میں فیڈرل کانسٹیبلری قلعے پر حملہ کیا گیا۔ پولیس...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

سوئی ناردرن نے گیس کی قیمت میں پی ایم پی یو اضافہ مانگ لیا

صارفین کو ریلیف دیں گے، سوئی گیس کمپنیوں کے بینچ مارک کو سخت کیا ہے، چیئرمین اوگرا

لاہور (بیورو رپورٹ) سوئی ناردرن گیس کمپنی (ایس این جی پی) نے گیس کی قیمت میں اضافے کا مطالبہ کر دیا۔ چیئرمین اوگرا مسرور خان نے سوئی گیس کی......

ملک بھر میں بارشوں کے باعث جاں بحق افراد کی تعداد 800 تک پہنچ گئی

203 بچے 476 مرد اور 119 خواتین شامل، بلوچستان میں 24 اموات رپورٹ ہوئیں

1080 افراد زخمی، سب سے زیادہ جانی نقصان خیبرپختونخوا میں ہوا، این ڈی ایم اے اعداد و شمار جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک بھر میں جون سے ہونے والی موسلادھار بارشوں اور اچانک آنے والے سیلابوں اور لینڈ سلائیڈنگ کے واقعات میں اب تک 799 افراد جاں بحق اور 1080 افراد زخمی ہو چکے ہیں۔ نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کی جانب سے 26 جون سے 25 اگست تک کے جاری اعداد و شمار کے مطابق...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان نے وزیراعلیٰ پنجاب پر مقدمے کیلئے سی پی او کو درخواست دیدی

اڈیالہ جیل پنجاب کی حدود میں آتا ہے، مریم نواز ماضی میں دھمکیاں دے چکیں کہ سابق چیئرمین ایک فتنہ ہیں جسے ختم کیا جا رہا ہے، متن

بانی پی ٹی آئی کی وزیراعلیٰ پنجاب اور 8 پولیس افسران کے خلاف مقدمہ کے اندراج کی درخواست سی پی او راولپنڈی کو بھجوا دی گئی

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کے سابق چیئرمین کی جانب سے وزیراعلیٰ پنجاب اور 8 پولیس افسران کے خلاف مقدمہ کے اندراج کے لئے درخواست سی...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

ایف بی آر کی آڈٹ رپورٹ میں 168 ارب روپے کی سیلز ٹیکس کی چوری کا انکشاف

سپر ٹیکس سال 2022 میں 15 کروڑ روپے سے زائد کی آمدن پر لگایا گیا، 23-2022 اور 24-2023 میں 1026 افراد نے سپر ٹیکس جمع نہیں کرایا

ایف بی آر کو فروری اور نومبر 2024 میں اس بے قاعدگی اور ٹیکس چوری سے آگاہ کیا اور جنوری 2025 میں ایف بی آر کو قانونی کارروائی شروع کرنے کا کہا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی آڈٹ رپورٹ میں سپر ٹیکس کی مد میں 168 ارب روپے کی ٹیکس چوری کا انکشاف ہوا فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی آڈٹ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ سپر ٹیکس سال 2022 میں 15 کروڑ...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

سرا وائیکل کینسر سے بچاؤ، ملک بھر میں مفت ویکسینیشن مہم کا اعلان

مہم 15 سے 27 ستمبر ہوگی، 9 سے 14 سال کی لڑکیوں کو ویکسین لگائی جائے گی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزارت صحت نے خواتین کو سروائیکل کینسر سے بچانے کیلئے قومی ویکسینیشن مہم کا اعلان کر دیا جس کے دوران 9 سے 14 سال تک...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کو دنیا سے جوڑنے کے مشن میں تجارتی سطح پر این ایل سی کی تاریخی کامیابی

اے ای سے تاجکستان تک تجارتی سامان کی پہلی کامیاب ترسیل مکمل کر لی گئی، رپورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان کو دنیا سے جوڑنے کے مشن میں تجارتی سطح پر این ایل سی نے تاریخی کامیابی حاصل کی ہے اور علاقائی تجارت میں نیا باب رقم...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

بانی اور بشریٰ بی بی کیخلاف توشہ خانہ ٹو کیس کی سماعت (آج) ہوگی

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کیخلاف توشہ خانہ ٹو کیس کی سماعت (آج) منگل کو ہوگی۔ توشہ...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی نہیں وہ ٹارگٹ ہیں جنہوں نے قانون توڑا، طلال چوہدری

اگر پی ٹی آئی گرینڈ ڈائیلاگ کرنا چاہتی ہے تو اسپیکر کی آفر قبول کرے، وزیر مملکت داخلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) ٹارگٹ نہیں، ٹارگٹ وہ لوگ ہیں جنہوں نے قانون توڑا...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان سے مزید 1062 افغان شہری ملک بدر

ڈی پورٹ ہونیوالے افغان شہری پنجاب، کے پی کے مختلف اضلاع میں رہائش پذیر تھے

طورخم (بیورو رپورٹ) پاکستان سے مزید 1062 افغان شہری ملک بدر کر دیئے گئے۔ ملک میں غیر قانونی رہائش پذیر افغان شہریوں کی ملک بدری کا سلسلہ جاری ہے...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر ریلوے حنیف عباسی بلوچستان میں ٹرینوں کی سیکورٹی کے حوالے سے اجلاس میں شریک ہیں

کابینہ کی ایک ماہ کی تنخواہ سیلاب ریلیف فنڈ میں دینے کا فیصلہ واپس، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی کابینہ کے ارکان کی ایک ماہ کی تنخواہ سیلاب ریلیف فنڈ میں دینے کا معاملہ وفاقی حکومت نے فیصلہ واپس لے لیا، وزارت خزانہ نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا، ذرائع کے مطابق...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد ہائیکورٹ نے 18 افغان شہریوں کو واپس بھجوانے کی کارروائی سے روک دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ہائیکورٹ نے 18 افغان شہریوں کو واپس بھجوانے کی کارروائی آگے بڑھانے سے روک دیا اور وزارت داخلہ، نادرا، ڈی جی امیگریشن، ایف آئی اے اور پولیس کو نوٹس جاری کرتے...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

رانا ثناء اللہ کے گھر پر حملے کا مقدمہ، عمر ایوب، شبلی فراز سمیت 59 ملزمان کو 10، 10 سال قید کی سزا

پی ٹی آئی کے رکن صوبائی اسمبلی اسماعیل سیلا، شیخ شاہد جاوید، فرخ آغا، کنول شوزب، شیخ راشد شفیق، رائے مرتضیٰ، عنصر اقبال بھی شامل

سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری اور پی ٹی آئی کے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی کے صاحبزادے زین قریشی سمیت 34 ملزمان کو بری کر دیا گیا

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) انسداد دہشت گردی عدالت (اے ٹی سی) فیصل آباد نے 9 مئی کو رانا ثناء اللہ کے گھر پر حملے کے کیس کا فیصلہ سناتے ہوئے قومی اسمبلی و سینیٹ کے سابق قائد حزب اختلاف عمر ایوب اور شبلی فراز سمیت 59 ملزمان کو 10، 10 سال قید کی سزا سنادی۔ 9 مئی کو فیصل آباد میں وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ کے گھر پر حملے کے کیس کی سماعت انسداد دہشت گردی عدالت میں اے ٹی سی فیصل آباد نے رانا ثناء اللہ کے گھر پر حملے کے کیس کا فیصلہ سناتے ہوئے سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری اور پی ٹی آئی کے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی کے صاحبزادے زین قریشی سمیت 34 ملزمان کو بری کر دیا۔ عدالت نے قومی اسمبلی اور سینیٹ میں سابق اپوزیشن لیڈر عمر ایوب اور شبلی فراز کے علاوہ سابق...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر خان مندوخیل سے پارلیمانی سیکرٹری میر برکت علی رند اور میر اصغر رند ملاقات کررہے ہیں

حماد اظہر کا این اے 129 سے ضمنی الیکشن نہ لڑنے کا اعلان

والدہ کی ہدایت پر ضمنی الیکشن نہ لڑنے کا فیصلہ کیا، رہنما پی ٹی آئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) رہنما پی ٹی آئی حماد اظہر نے این اے 129 کے ضمنی الیکشن میں حصہ نہ لینے کا اعلان کر دیا۔ جاری بیان میں حماد اظہر نے کہا کہ والدہ...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

باجوڑ، 5 علاقے کلیئر، لوگوں کو گھر واپسی کی اجازت

سیرے کلان، سری میاں گان، لنڈے کلان، بلال مسجد ترخو، ششیر گرقلعہ ترخو کو کلیئر کر دیا گیا

باجوڑ (بیورو رپورٹ) سکیورٹی فورسز نے 5 علاقوں کو دہشتگردوں سے مکمل کلیئر کر دیا، ضلعی انتظامیہ کے مطابق سکیورٹی فورسز نے باجوڑ کے علاقوں سیرے...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

چیئرمین چنیسر ٹاؤن جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے

میرا اختیار ہے غیر قانونی کام کو روکنا، اجازت نامہ مانگا لیکن انہوں نے نہیں دیا، فرحان غنی

کراچی (بیورو رپورٹ) انسداد دہشتگردی کی منتظم عدالت نے سرکاری ملازم پر تشدد کے کیس میں نامزد چیئرمین چنیسر ٹاؤن فرحان غنی کو 28 اگست تک...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ کا عہدے سے استعفیٰ کا اعلان

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے بعد عہدہ واپس لینے کی استدعا کروں گا، وکالتی خدمات مفت میں جاری رکھوں گا

مجھے 20 جھوٹے دہشتگردی کے مقدمات میں ملوث کیا گیا، جیل سے نہیں ڈرتا، سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی

سلمان اکرم راجا، علیمہ خان کے درمیان ضمنی انتخابات معاملے پر بحث ہوئی، سلمان اکرم راجہ دل برداشتہ ہوئے پارٹی ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے پارٹی عہدے سے...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

اوستہ محمد و گرد و نواح میں تیز ہواؤں کے ساتھ بارش، نشیبی علاقے زیر آب

جناح روڈ سمندر کا منظر پیش کرنے لگا، بارش ہوتے ہی بجلی غائب، صارفین پریشان

اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد و گرد و نواح میں طوفانی ہواؤں کے ساتھ بارش، نشیبی علاقے زیر آب آگئے شہری گلیوں میں پانی ہی پانی جناح روڈ سمندر کا منظر پیش...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

این ایف سی ایوارڈ میں بلوچستان کا حصہ بڑھانے کی کوشش کرینگے، وزیر خزانہ

صوبے کی پسماندگی پر قابو اور ضروریات کو بہتر طریقے سے فورم میں پیش کرنے کیلئے موثر لائحہ عمل تیار کیا جائیگا، میر شعیب نوشیروانی

محاصل بڑھانا، مالی خود کفالت اور معاشی ترقی کیلئے بلوچستان بینک کا قیام اہم سنگ میل ثابت ہوگا، اسپیشل سیکرٹری خزانہ اور کنسلٹنٹ فنانس کی بریفنگ

کوئٹہ (خ ن) این ایف سی ایوارڈ اور بینک آف بلوچستان سے متعلق ایک اہم اجلاس محکمہ خزانہ میں منعقد ہوا، جس میں صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کو اسپیشل سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ اور کنسلٹنٹ فنانس نے تفصیلی بریفنگ دی اجلاس میں آنے والے این ایف سی ایوارڈ کے حوالے سے مختلف پہلوؤں پر غور کیا گیا۔ وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے اس موقع پر کہا کہ بلوچستان کے حصے کو بڑھانے کے لئے بھرپور کوششیں کی...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

گلگت، پہاڑ سے آنے والے سیلابی ریلے سے کئی گھروں کو جزوی نقصان

سیلابی پانی سڑک پر بھی آگیا جس سے ملتر ایکسپریس وے کا کچھ حصہ متاثر ہوا ہے

سیلاب کی صورتحال کنٹرول میں ہے اور متعلقہ ادارے پوری طرح سے چوکس ہیں، اے سی گلگت

گلگت (بیورو رپورٹ) گلگت کے علاقے فیض آباد میں تیز بارش کے بعد پہاڑ سے آنے والے سیلابی ریلے کے باعث کئی گھروں کو جزوی نقصان پہنچا ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر گلگت کیپٹن ریٹائرڈ عادل علی کے مطابق، فیض آباد میں رات گئے آنے والے سیلاب سے...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

عالمی بینک کی پاکستان میں تعلیم کیلئے 4 کروڑ 76 لاکھ ڈالرز گرانٹ منظور کر لی

رقم صوبہ پنجاب میں ایجوکیشن سیکٹر میں بہتری کیلئے خرچ کی جائے گی، اعلامیہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عالمی بینک نے پاکستان کیلئے 4 کروڑ 79 لاکھ ڈالر گرانٹ کی منظوری دے دی۔ عالمی بینک کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس 2 روز کیلئے منسوخ

ٹرین سروس کی منسوخی کی وجہ بارشوں کی وجہ سے پیدا ہونے والی صورتحال ہے، ریلوے حکام

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس کو...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں کوئلے کی کان کنی 60 فیصد کم

بدامنی کے واقعات کے باعث مائنز اونرز کو بڑے پیمانے پر نقصانات کا سامنا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں بدامنی کے واقعات اور افغان مہاجر مزدوروں کے انخلاء کے باعث کوئلے کی صنعت شدید متاثر ہوئی، صوبے میں کوئلے کی کان کنی 60 فیصد...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر کا حلف، اسپیکر کا انکار: کے پی اسمبلی میں آئینی جنگ چھڑ گئی

خیبرپختونخوا اسمبلی میں اپوزیشن کے 25 ارکان کا دوبارہ حلف نہ اٹھانے کا فیصلہ

پشاور (بیورو رپورٹ) اسپیکر خیبرپختونخوا اسمبلی بابر سلیم سواتی نے...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں ریلوے ٹریکس اور ٹرینوں کو بھرپور سیکورٹی فراہم کی جائیگی، وزیر داخلہ

ریلوے اراضی پر تجاوزات کے خاتمے کیلئے مشترکہ کریک ڈاؤن کیا جائے گا، ریلوے پولیس کو بھرپور معاونت فراہم کی جائے گی

محسن نقوی کا ریلوے ہیڈکوارٹرز لاہور کا دورہ، بلوچستان میں ریلوے ٹریکس اور ٹرینوں کی سیکورٹی کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ مسافروں کی حفاظت کیلئے ریلوے ٹریکس...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

جدہ، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار او آئی سی وزرائے خارجہ کے اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

دنیا بھر میں پاک بھارت سمیت 7 جنگیں رکوائیں، صدر ٹرمپ

پاکستان اور بھارت کے درمیان جوہری جنگ بھی شروع ہو سکتی تھی، میں نے مداخلت کی اور تجارت کے بدلے جنگ رکوائی

غزہ میں اسپتال پر اسرائیلی بمباری کے بارے میں مجھے کوئی علم نہیں البتہ اب غزہ میں جنگ بند ہونی ہے، وائٹ ہاؤس میں صحافیوں سے گفتگو

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ٹرمپ نے وائٹ ہاؤس میں صحافیوں سے گفتگو میں ایک بار پھر پاک بھارت جنگ...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

مقبوضہ کشمیر میں غیر مقامی دہشتگرد ''را'' کی سرپرستی میں سرگرم

مقامی دہشت گرد آپس میں پشتو اور دری زبانوں میں بات کرتے ہیں

دہشت گرد قابض افواج کے اڈوں کے پاس آزادانہ گھومتے پھرتے ہیں انٹیلی جنس ذرائع

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پاکستانی انٹیلی جنس نے مقبوضہ کشمیر میں غیر مقامی دہشت گردوں کی موجودگی کے ثبوت ملے ہیں جو ممکنہ طور پر پاکستان اور کشمیریوں کے خلاف استعمال کرتے ہوئے را کے مذموم مقاصد بے نقاب کرتے ہوئے آگاہ کیا ہے کہ مختلف مقامات پر غیر...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

جنوبی وزیرستان لوئر دفعہ 144 کے تحت نقل و حرکت پر پابندی عائد

وانا (بیورو رپورٹ) جنوبی وزیرستان لوئر کی تحصیل برمل میں دفعہ 144 کے تحت نقل و حرکت پر پابندی عائد کر دی گئی۔ محکمہ داخلہ کی جانب سے جاری کیے گئے نوٹیفکیشن کے مطابق پابندی سکیورٹی خدشات اور فورسز کے...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

اسفندیار ولی نے ایم پی اے شفیع جان کو ہرجانے کا نوٹس بھیج دیا

ممبر صوبائی اسمبلی نے اسمبلی فلور پر تقریر کے دوران بے جا الزامات لگائے، متن

پشاور (بیورو رپورٹ) عوامی نیشنل پارٹی کے سربراہ و صدر اسفندیار ولی خان نے ممبر صوبائی اسمبلی شفیع جان کو ہرجانے...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

جمرود، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے پولیس اہلکار شہید

پشاور (بیورو رپورٹ) تھانہ حدود جمرود علاقہ غنڈی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے پولیس اہلکار شہید ہو گیا...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

قائمہ کمیٹی کا متفقہ طور پر اگلے اجلاس میں رانا ثناء اللہ کو طلب کرنے کا فیصلہ

رانا ثناء اللہ کمیٹی میں نہیں آتے، اگلی بار وہ نہ آئے تو اجلاس نہیں ہوگا، ممبران کا اظہار برہمی

اگست کا مہینہ مقدس، عوام متحد، ملک سب سے پہلے، سیاست بعد میں ہوتی رہے گی، ثناء اللہ مستی خیل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی بین الصوبائی رابطہ کا اجلاس چیئرمین کمیٹی ثناء اللہ مستی خیل کی زیر صدارت ہوا، جس میں کمیٹی ممبران نے وزیر بین الصوبائی رابطہ رانا ثناء اللہ کی عدم موجودگی پر اظہار برہمی کیا۔ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان ریلوے کا کراچی سے لاہور بلٹ ٹرین چلانے کا منصوبہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان ریلوے نے کراچی سے لاہور کے درمیان تیز رفتار بلٹ ٹرین چلانے کا اعلان کیا ہے۔ ایک رپورٹ میں وزیر ریلوے حنیف عباسی کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ پاکستان ریلوے...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ، اسرائیل کے النصر ہسپتال پر دو حملے، 4 صحافیوں سمیت 15 فلسطینی شہید

پہلے حملے میں غیر ملکی خبر رساں ادارے رائٹرز کے کیمرہ مین حسام المصری شہید ہوگئے، فوٹوگرافر حاتم زخمی

دوسرا حملہ اس وقت ہوا جب امدادی کارکن، صحافی اور دیگر لوگ ابتدائی حملے کی جگہ پر کوریج کر رہے تھے

غزہ (م ڈ) صیہونی ریاست کی جانب سے غزہ کے النصر ہسپتال پر یکے بعد دیگرے دو فضائی حملے کیے گئے ہیں جس کے نتیجے میں 15 افراد شہید ہوگئے، جن میں 4 صحافی بھی شامل، غیر ملکی خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق فلسطینی محکمہ صحت کے حکام نے بتایا...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

بونیر، پاک فوج کے زیر اہتمام سیلاب متاثرین میں امدادی سامان تقسیم کیا جارہا ہے

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

صوبوں کے حصے میں کمی کی تیاریاں اٹھارویں ترمیم پر حملہ ہیں، این پی

قومی مالیاتی کمیشن کی ازسرنو تشکیل کے خلاف عوامی و سیاسی مزاحمت کی جائے گی، ترجمان کا مذمتی بیان

اٹھارویں ترمیم نے اکائیوں کے اختیارات میں اضافہ آمریت کا راستہ روکا اور نئے این ایف سی ایوارڈ کو آئینی تحفظ فراہم کیا

کوئٹہ (این این پی) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے وفاقی حکومت کی جانب سے قومی مالیاتی کمیشن کی ازسرنو تشکیل اور قومی اکائیوں کے حصے میں کمی کی تیاریوں کو آئین دشمنی اور اٹھارویں ترمیم پر حملہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس اقدام کے خلاف بھرپور عوامی و سیاسی مزاحمت کی جائے گی۔ ترجمان نے کہا کہ ملک کی سیاسی و جمہوری قیادت کی بصیرت اور جدوجہد کے نتیجے میں 1973 کا آئین تشکیل پایا، جبکہ آمریتوں کے خلاف سخت جدوجہد کے بعد 2009 میں اٹھارویں ترمیم کا تاریخی مرحلہ طے کیا گیا۔ اس ترمیم نے قومی اکائیوں کے اختیارات میں اضافہ کیا، آمریت کا راستہ روکا اور نئے این ایف سی ایوارڈ کو آئینی تحفظ فراہم کیا۔ بیان میں کہا گیا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ صوبوں کے مالی اور انتظامی اختیارات میں مزید اضافہ کیا جائے، مگر بدقسمتی سے اٹھارویں ترمیم کے بعد سے ہی اسے رول بیک کرنے کی سازشیں کی جارہی ہیں تاکہ وفاقی اختیارات بڑھا کر قومیتوں کے وسائل پر قبضے کو جاری رکھا جائے۔ ترجمان نے کہا کہ حکمران طبقہ اپنی نااہلی اور کرپشن کو چھپانے کے لیے صوبوں کے حصے پر شب خون مارنا چاہتا ہے، جو کسی بھی قیمت پر قبول نہیں کیا جائے گا۔ صوبوں کے حصے میں کمی ترقیاتی عمل کو مفلوج اور عوامی فلاح کو شدید متاثر کرے گی۔ بیان میں کہا گیا کہ اٹھارویں ترمیم اور این ایف سی ایوارڈ کو رول بیک کرنے کی کوئی بھی سازش برداشت نہیں کی جائے گی اور اس کے خلاف بھرپور عوامی و سیاسی مزاحمت کی جائے گی۔



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل، حاجی سردار خان مندوخیل کی وفات پر ان کے لواحقین سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کرا کر مقامی حکومتوں کو مالی اختیار دیا جائے، قاضی شاہجہان

بلدیاتی انتخابات کے التواء سے شہریوں کو جمہوری نمائندگی سے محروم رکھا گیا ہے، گلزار بلوچ

مقامی حکومتیں گزشتہ 17 برسوں سے مالیاتی بحران کا شکار ہیں، بختیار سالانی و دیگر کی پریس کانفرنس

کوئٹہ (آن لائن) سی ڈی ایس پاکستان، پاکستان ڈویلپمنٹ الائنس اور ہیلتھ اینڈ رورل ڈویلپمنٹ کے رہنماؤں قاضی شاہجہان، گلزار بلوچ اور بختیار سالانی نے کہا ہے کہ مالی سال 2025-26ء میں صوبائی ترقیاتی بجٹ سے صرف 5.1 فیصد محکمہ بلدیات کو دیا گیا ہے جبکہ ان فنڈز کے ضلعی تقسیم کا کوئی شفاف تفصیل دستیاب نہیں ہے۔ کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات نہ کرانے سے شہریوں کو جمہوری نمائندگی سے محروم رکھا گیا ہے۔ ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ بلوچستان کی مقامی حکومتوں کو مالیاتی بحران سے نجات دلا کر کوئٹہ میں انتخابات بلدیاتی کرائے جائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوموار کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں مقامی حکومت کا نظام ہے جو یہ ظاہر کرتا ہے کہ صوبے کی مقامی حکومتوں کو طویل اور دانستہ مالی و انتظامی مرکزیت کے ذریعے غیر فعال کر دیا گیا ہے۔ صوبائی مالیاتی کمیشن منصفانہ فارمولہ کی بنیاد پر فنڈز فراہم کرنے کا قانونی طریقہ ہے 2008ء سے غیر فعال ہے اس کے نتیجے میں مقامی حکومتیں گزشتہ 17 سالوں سے مالیاتی بحران کا شکار ہیں اور صرف وقتی و ناکافی صوبائی گرانٹس پر انحصار کر رہی ہے جو بنیادی سہولیات کے لئے بھی ناکافی ہے۔ پی ایف سی کے دستاویزات کے مطابق مالی سال 2025-26ء میں صوبائی ترقیاتی بجٹ کا صرف 5.1 محکمہ بلدیات کو دیا گیا ہے جبکہ ضلعی تقسیم کا کوئی تفصیل موجود نہیں ہے جس کی وجہ سے بیوروکریسی کو ترقیاتی منصوبوں پر کنٹرول کا موقع فراہم کیا گیا ہے جبکہ منتخب کونسلوں کو نظر انداز کیا گیا ہے اور کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات میں تاخیری حربے استعمال کئے جارہے ہیں جو کہ جمہوری عمل میں سب سے بڑی رکاوٹ اور عوام کو حق نمائندگی سے محروم رکھنے کی سازش ہے۔ انہوں نے کہا کہ مالیاتی کمیشن کو فوری طور پر بحال کر کے 17 سالہ مالیاتی غفلت کا خاتمہ کیا جائے۔ مقامی حکومتوں کو بااختیار بنانے کیلئے بلوچستان لوکل گورنمنٹ ایکٹ میں ترمیم کر کے ڈپٹی کمشنرز کے اختیارات کو محدود، منصوبہ بندی و عملدرآمد کے اختیارات منتخب کونسلوں کو منتقل، محصولات کا اختیار نچلی سطح پر منتقل کیا جائے۔

صوبائی محتسب اعلیٰ بلوچستان نذر محمد بلوچ، وائس چانسلر جامعہ بلوچستان ظہور بازئی سے ملاقات کر رہے ہیں

گوادر روائی چوک کا نام شہید محمد خماری چوک رکھ دیا گیا

گوادر (خ ن) گوادر: ڈپٹی کمشنر گوادر کے ایک حکمنامے کے مطابق جیٹی روڈ گوادر پر واقع "روائی چوک" کا نام شہید محمد خماری کی قوم کے لیے دی گئی قربانیوں کے اعتراف اور اعزاز میں تبدیل کر کے اب "شہید محمد خماری چوک" رکھ دیا گیا ہے۔ تمام متعلقہ محکموں اور اداروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اس فیصلے کے مطابق اپنے سرکاری ریکارڈ، سائن بورڈز اور دیگر دستاویزات کو فوری طور پر اپ ڈیٹ کریں۔

جنگ استاب اور اس سے متصل سڑکوں کی تعمیر و مرمت کرائی جائے، علاقہ مکین

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان سے نوٹس لینے کا مطالبہ

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) مشرقی بائی پاس، جنگ استاب اور اس کے متصل سڑکوں کی تعمیر و مرمت کیلئے ابھی تک کوئی اقدامات نہیں اٹھائے جا سکے، ان علاقوں میں روزانہ کی بنیاد پر لاکھوں لوگ سفر کرتے ہیں، سڑک ناقابل سفر بن چکی ہے، خستہ حال سڑک شہریوں خصوصاً وہاں کے مکین کو آمدورفت کیلئے دردسر بن گئی، لیکن اسکے باوجود متعلقہ حکام خصوصاً علاقے کا ایم پی اے اس پر کوئی نوٹس نہیں لیتا نہ ہی اس علاقے کا کوئی وزٹ کرتا ہے، بار بار اخبارات اور سماجی میڈیا کے علاوہ الیکٹرونک میڈیا پر خبریں نشر کی ہوئی ہے مسئلہ سالوں سے حل نہیں ہو رہا ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان اور دیگر اعلیٰ حکام نوٹس لیکر کارروائی عمل میں لائی جائے بصورت دیگر یہاں کے مکین تحت احتجاج کا جمہوری آئینی قانونی حقوق محفوظ رکھتے ہیں، مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے علاقہ مکین سیٹلائٹ ٹاؤن اور ملحقہ علاقوں کے مکین عطاء اللہ خلجی، نصیب اللہ خلجی، غلام محمد خلجی، نقیب اللہ شیرانی، محمد علی خلجی، اسماعیل خلجی، محمد اعزاز بھٹی و دیگر نے بتایا ہے کہ ترقیاتی منصوبے محض وی آئی پی علاقوں تک محدود، نواحی و گنجان آباد علاقوں میں کہیں بھی ترقیاتی کام کا نام تک نہیں جہاں کہیں بھی کی گئی ہے۔

کوئٹہ، شوریٰ ہم بستگی مہاجرین افغان مقیم کے برہان نیازی، عبدالرحیم، ارباب روح اللہ و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ڈائریکٹر جنرل کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی اور نگ زیب کاسی نے چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا

سالانہ تحفظ ختم نبوت کانفرنس، جلسہ دستار فضیلت 12 ستمبر کو منعقد ہوگی

کانفرنس کی صدارت قاری عبدالرحیم رحیمی بانی جامعہ دارالعلوم ضیاء القرآن کریں گے

کوئٹہ (پ ر) جامعہ دارالعلوم ضیاء القرآن رحیمی ٹاؤن سریاب کسٹم سبی روڈ کوئٹہ کا 24 ویں سالانہ تحفظ ختم نبوت کانفرنس بسلسلہ جلسہ دستار فضیلت بروز جمعۃ المبارک 12 ستمبر 12 تا 3 تک جامعہ دارالعلوم ضیاء القرآن رحیمی ٹاؤن سریاب کسٹم سبی روڈ کوئٹہ میں زیر صدارت مولانا قاری عبدالرحیم رحیمی بانی جامعہ ہذا کے انعقاد پذیر ہو رہی ہے۔ جسمیں جلیل القدر علمائے کرام و قراء، عظام، نعت خواں شرکت فرما کر نبی کریم کی سیرت طیبہ اور برکتوں پر روشنی ڈالیں گے۔ تمام اہل ایمان کو بصد احترام بمع رفقاء شرکت کی دعوت ہے۔

صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ سے رکن اسمبلی حاجی زاہد علی ریکی کی ملاقات

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ سے رکن بلوچستان اسمبلی حاجی زاہد علی ریکی نے ملاقات کی۔ ملاقات میں سیاسی و پارلیمانی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

جاپانی اعزازی قونصل جنرل ندیم شاہ سے ہیلپرز آئی ہسپتال کوئٹہ کے میڈیا سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر محمد اسحاق پانیزئی ملاقات کر رہے ہیں

جماعت اسلامی کا 84 واں یوم تاسیس دینی و قومی جوش و جذبے سے منایا جائیگا

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی کا 84 واں یوم تاسیس آج قومی بین الاقوامی سطح پر دینی و قومی جوش و جذبے سے منایا جائیگا بلوچستان بھر میں جماعت اسلامی کے یوم تاسیس کے حوالے سے سیمینارز، کنونشنز، تقاریب، پریس کانفرنسز منعقد کیے جائیں گے صوبائی امیر ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ گوادر میں جماعت اسلامی کے یوم تاسیس کے حوالے سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کریں گے جماعت اسلامی کے صوبائی ذمہ داران دیگر اضلاع میں یوم تاسیس تقاریب میں شرکت کریں گے۔

کیسکو میں ٹرانسفر مافیا کی سرپرستی انتہائی قابل مذمت ہے، یونائیٹڈ لیبر فرنٹ

حکام کیسکو میں جاری غیر قانونی اقدامات کی انکوائری کرائیں، محمد خان، عبدالشکور و دیگر

کوئٹہ (پ ر) یونائیٹڈ لیبر فرنٹ کیسکو بلوچستان کے جوائنٹ صدر محمد خان، ایڈیشنل سیکرٹری عبدالشکور بلوچ، سیکرٹری اطلاعات واجد خان آفریدی، سیکرٹری مالیات حاجی ظہور احمد کاکڑ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ کیسکو انتظامیہ کی مزدور دشمن ٹرانسفر مافیا کی سرپرستی انتہائی قابل مذمت ہے کیسکو میں سٹاف کی شدید کمی کے باوجود کئی ملازمین کی ڈیوٹیاں غیر قانونی طور ٹرانسفر ہال میں لگائی گئی ہیں کیسکو میں سٹاف کی پروموشن اپ گریڈیشن ٹرانسفر مافیا کی ایماء پر روکے گئے ہیں اور ادارے میں سیفٹی کے آلات کی سالوں سے نایاب ہیں جبکہ کیسکو انتظامیہ صرف ٹرانسفر مافیا کے مخالفین کے تبادلوں اور انکے خلاف کارروائیوں میں مصروف عمل ہے انہوں نے کہا کہ اس وقت یونائیٹڈ لیبر فرنٹ کے کابینہ کے تمام ذمہ داران کو کیسکو انتظامیہ نے وہاں ٹرانسفر کیا ہے جہاں انکی زندگیوں کو خطرات لاحق ہیں انہوں نے کہا کہ ہمارے مرکزی کابینہ کے عہدیداروں کو نشانہ بناتے ہوئے انہیں ٹرانسفر مافیا کی خوشنودی کے لئے غیر محفوظ علاقوں میں ٹرانسفر کیا گیا ہے۔

پشین سمیت کوئٹہ ڈویژن میں بھرتیاں مکمل کی جائیں، تحریک انصاف

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رکن و سابق ممبر کوئٹہ رحیم کاکڑ، جمیل بوستان ایڈووکیٹ، میرولس ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عبداللہ ایڈووکیٹ، توقیر بھٹی، ضیاء الحق، نعمت اللہ، سردار بہلول، سردار احمد، بشیر احمد، نعیم جمال سمیت دیگر رہنماؤں نے مطالبہ کیا ہے کہ کوئٹہ ڈویژن خصوصاً پشین میں لیویز، لائیو اسٹاک، جنگلات، صحت اور تعلیم سمیت چاروں اضلاع اور تحصیلوں میں ریونیو و لائیو اسٹاک کے جونیئر کلرکوں اور پٹواریوں کی خالی آسامیوں پر فوری بھرتی کا عمل مکمل کیا جائے۔ رہنماؤں نے کہا کہ ریونیو ڈویژن کوئٹہ کی جانب سے بار بار اشتہار دیے جانے کے باوجود بھرتی کا عمل نامعلوم وجوہات کی بناء پر منسوخ کیا جاتا رہا ہے، جس کی ایک وجہ یہ ہوسکتی ہے کہ ان آسامیوں پر پشتون نوجوان بھرتی ہوتے ہیں۔

افغان مہاجرین کو پاکستانی شہریت دی جائے، برہان نیازی

40 برس سے رہائش پذیر مہاجرین کے انخلاء کے احکامات واپس لئے جائیں، پریس کانفرنس

حکومت پاکستان اور عوام نے مشکل حالات میں مہاجرین کی مشکلات کو سمجھ کر ہمارے ساتھ تعاون کیا

کوئٹہ (آن لائن) شوریٰ ہم بستگی مہاجرین افغان مقیم کوئٹہ پاکستان کے رہنماؤں برہان نیازی اور نور الہدیٰ نے کہا ہے کہ حکومت پاکستان نے 31 اگست تک افغان مہاجرین کے انخلاء کو یقینی بنانے کی مہلت دی ہے ہم وفاقی اور صوبائی حکومتوں اور عسکری حکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ 40 سے 50 کے طویل عرصے سے رہائش پذیر افغان مہاجرین کو پاکستانی شہریت دیکر انخلاء کے احکامات واپس لئے جائیں۔ یہ بات انہوں نے سوموار کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی اس موقع پر استاد دانش، روح اللہ، سماجی رہنما، عبدالقیوم سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان اور عوام نے مشکل حالات میں مہاجرین کی مشکلات کو سمجھ کر ہمارے ساتھ تعاون کیا جو کہ خوش آئند اقدام ہے۔ افغان مہاجرین اور پاکستانی قوم کے درمیان ایک گہرا رشتہ مذہبی اور ثقافتی پر مبنی ہے۔ ہم حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں افغان مہاجرین کو پاکستانی شہریت دی جائے کیونکہ دنیا کے دیگر ممالک 10 سے 15 سال رہنے والے مہاجرین کو شہریت دیتے ہیں اس قانون کے مطابق 40 سے 45 سال رہنے والے مہاجرین کو شہریت کا حق دیا جائے۔

عمران خان کی رہائی اب ان شاء اللہ بہت قریب ہے، سیف اللہ خان کاکڑ

ضمانت ملنے کے بعد ثابت ہوا کہ 9 مئی کا پورا بیانیہ ہی جھوٹ کا پلندہ تھا، رہنما پی ٹی آئی

کوئٹہ (پ ر) تحریک انصاف کے رہنما حاجی سیف اللہ خان کاکڑ نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کی رہائی اب ان شاء اللہ بہت قریب ہے عوامی لیڈر جلد عوام کے درمیان ہونگے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ 9 مئی کے مقدمات میں ضمانت ملنے کے بعد ثابت ہوا کہ 9 مئی کا پورا بیانیہ ہی جھوٹ کا پلندہ تھا اور جھوٹ پر گھڑی 9 مئی کی عمارت ضمانت ملنے کے بعد دھڑام سے زمین پر آگری ہے ہم نے ہمیشہ یہ کہا کہ عمران خان کے خلاف تمام کیسز جھوٹے اور بوگس ہیں اور ان شاء اللہ ہمارے قائد ان بوگس کیسز سے سرخرو ہو کر نکلیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی تمام مقدمات میں رہائی ہو چکی ہے بس اب صرف ایک کیس باقی ہے اور جس روز وہ عدالت میں لگا۔ ان شاء اللہ اسی روز عمران خان کی رہائی ہو جائیگی۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے بدترین ظلم اور سختیاں برداشت کیں مگر ڈیل کر کے جھکے نہیں۔

حاجی عبدالاحمد خلجی مرحوم کی بیٹی انتقال کر گئی

کوئٹہ (آئی این پی) حاجی عبدالاحمد خلجی مرحوم کی بیٹی، حاجی محمد رفیق خان خلجی مرحوم، محمد انور خان خلجی سونٹر لینڈ، پروفیسر عبدالعزیز خان خلجی کی بہن، علی محمد خلجی، محمد عثمان خلجی، محمد شعیب خلجی کی پھوپھی، حاجی عبدالولی خان خلجی، ہارون خان خلجی، ہمایوں خان خلجی، اورنگزیب خان خلجی اور قاسم خان خلجی کی خالہ، اور حیات اللہ خان درانی کی خوشدامن گزشتہ شب طویل علالت کے بعد انتقال کر گئیں۔ جبکہ فاتحہ خوانی جامعہ پیر محمد خان خلجی بلوچی روڈ پر جاری ہے۔

کوئٹہ، آواز سی ڈی ایس پاکستان ڈویلپمنٹ الائنس ہیلتھ اینڈ رورل ڈویلپمنٹ کی مشترکہ پریس کانفرنس سے قاضی شاہجہان، بختیار سالانی و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کوئٹہ، ای پی کا جیل خانہ جات کے جنرل سیکرٹری صاحبزادہ دین محمد اپیکا کے نو منتخب صدر رحمت اللہ زہری اور جوائنٹ سیکرٹری ہیبت خان ناصر کو کامیابی پر مبارکباد دے رہے ہیں

تعمیر نو گرلز ہائی سکول علامہ اقبال کیمپس کوئٹہ کے سینئر سیکورٹی گارڈ شاہ محمد کے انتقال پر عبدالجلیل خان، محمد نسیم لہڑی ممبر بورڈ آف ٹرسٹیز انجینئر غلام عثمان لواحقین سے تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ریٹائرڈ اکاؤنٹنٹ ڈی سی آفس قلات محمد اقبال ملازئی انتقال کر گئے

قلات (آن لائن) ریٹائرڈ اکاؤنٹنٹ ڈی سی آفس قلات محمد اقبال ملازئی انتقال کر گئے، وہ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر قلات عید محمد ملازئی، ماسٹر خدا بخش ملازئی، محمد رمضان ملازئی کے بھائی شاہزیب ملازئی کے والد تھے، مرحوم کی تدفین مقامی قبرستان میں کر دی گئی جبکہ فاتحہ خوانی ملازئی اسٹریٹ میں جاری ہے دریں اثناء میر احمد یار خان پریس کلب قلات کے صحافیوں نے اظہار تعزیت کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔

جی ڈی اے نوجوانوں کی پیشہ ورانہ تربیت کے لیے کوشاں ہے، معین الرحمن خان

یونیورسٹی آف گوادر کے طلباء و طالبات کو انٹرن شپ کورس مکمل کرنے پر سرٹیفکیٹ تقسیم کرنے کے موقع پر ڈی جی کا خطاب

کوئٹہ (اے پی پی) ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمن خان نے آج یونیورسٹی آف گوادر کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے طلباء و طالبات کو جی ڈی اے میں چھ ہفتوں پر مشتمل انٹرن شپ مکمل کرنے پر سرٹیفکیٹ تقسیم کر دیئے۔ اس موقع پر ڈی جی جی ڈی اے نے طلبہ و طالبات کی محنت، سیکھنے کے جذبے اور کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ جی ڈی اے ہمیشہ نوجوانوں کی پیشہ ورانہ تربیت کے لیے کوشاں رہا ہے، تاکہ گوادر کا نیا ٹیلنٹ مستقبل میں شہری ترقی میں فعال کردار ادا کر سکے۔ قبل ازیں ڈائریکٹر جنرل نے جی ڈی اے کے ان ملازمین میں بھی ترقیاتی اسناد تقسیم کیں۔

مولانا سید نجابت اللہ آغا عرف کڈی آغا مرحوم کے فرزند مصور آغا انتقال کر گئے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ممتاز روحانی و علمی شخصیت شیخ القرآن الحاج مولانا سید نجابت اللہ آغا عرف کڈی آغا مرحوم کے فرزند مولانا سید حافظ محمد زبیر آغا، مولانا سید منور آغا کے بھائی حاجی سید نعمت اللہ آغا کے بھتیجے مولانا سید محمد ابراہیم آغا، مولانا سید عبدالباقی آغا، حاجی سید مسعود آغا، حاجی سید سعید آغا کے کزن سید مصور آغا انتقال کر گئے۔ فاتحہ خوانی جامعہ دارالعلوم ہاشمیہ اختر محمد روڈ کوئٹہ میں جاری ہے۔

پیرامیڈیکل سٹاف کے چارٹر آف ڈیمانڈ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرینگے، ترجمان

اجلاس میں اسٹاف ایسوسی ایشن، پیرامیڈیکل سٹاف فیڈریشن کے نمائندگان نے تجاویز دی

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) ترجمان پاکستان پیرا میڈیکل سٹاف ایسوسی ایشن بلوچستان امین الحق مندوخیل نے کہا ہے کہ ملازمین کے چارٹر آف ڈیمانڈ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرینگے، ملازمین متحد ہو کر حکومت کو سروس اسٹرکچر، سروس رولز اور اپ گریڈیشن کروانے پر مجبور کرے گا، اس سلسلے میں گزشتہ روز پیرا میڈیکس کی تنظیموں کا اہم اجلاس ہوا، اجلاس میں پاکستان پیرا میڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن بلوچستان۔ پیرا میڈیکل سٹاف فیڈریشن بلوچستان کے نمائندگان شریک ہوئے۔ اس اجلاس میں سروس اسٹرکچر، سروس رولز اور اپ گریڈیشن سے متعلق امور پر تفصیلی غور و فکر کیا گیا۔ اجلاس میں پاکستان پیرا میڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن کے صوبائی صدر حاجی شفا مینگل، فیڈریشن کے طاہر دومڑ اور 2076 کے صوبائی صدر طارق کدیزئی نے شرکت کی۔ مزید یہ بھی طے پایا کہ آئندہ کے لائحہ عمل کے لیے اگلی میٹنگ جلد منعقد کی جائے گی۔

کوئٹہ کے رہائشی حاجی ملک زعفران علی احمد پریس کانفرنس کر رہے ہیں

CORRIGENDUM

This is with reference to the advertisement for tenders published on Daily Newspaper wide PRQ No. 552 date 12-08-2025. The Tenders will be opened on 4th September, 2025 instead of 27th August, 2025 in the office of the undersigned.

PRQ No.789/25-8-2025

Executive Engineer - Roads
CW PP&H Department District
Sherani

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The **Office of the Assistant Director Local Govt. Killa Abdullah** invites Sealed percentage tender on composite schedule of rate 2023 Government of Balochistan (amended up to date) from interested contractors/firms for the following works under fund PSDP for the year 2025-26 Govt. of Balochistan.

S.No	Name of Scheme	E/Cost
1	BORE WITH SOLAR KILLI KHURGAI KAKOZAI KILLAABDULLAH (PSDP.3695. Z2025.0089) **TSE-252608822223**	10.00 M
2	BORE WITH SOLAR KILLI SALAH MOHD GHIBZAI AREA III QILLAABDULLAH (PSDP.3698.Z2025.0116) **TSE-252608822433**	10.00 M
3	BORE WITH SOLAR KILLI BALA MAZAI KILLAABDULLAH (PSDP.3788.Z2025.0074) **TSE-252608822653**	10.00 M
4	BORE WITH SOLAR KILLI GULISTAN CROSS KILLAABDULLAH (PSDP.3792.Z2025.0083) **TSE-252608822923**	10.00 M
5	BORE WITH SOLAR KILLI SHANAK SHAMSHOZAI KILLAABDULLAH (PSDP.3799.Z2025.0124) **TSE-252608823283**	10.00 M
6	BORE WITH SOLAR KILLI SALAHZAI GHIBZAI AREA I KILLAABDULLAH (PSDP.3812.Z2025.0117) **TSE-252608823913**	10.00 M

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn-over of at least equal to estimated cost Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million) In Relevant Category And Specialized Code is EE11(iii) (Solar Energy system). Fresh Power of attorney on 100/- PKR affidavit in case of representation Latest Bank certificate of the Firm Firm must be provided ISO Certificate **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **2,000 PKR** on A/c 0005004051384257 NBP Chaman Branch. **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **12th September, 2025**during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by to **12th September, 2025**till **10:00 AM**. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **11:00 PM**
Address: Killa Abdullah **Phone no:** 03083850840
Email: noorullah0308@gmail.com

PRQ No.792/25-8-2025

ASSISTANT DIRECTOR
Local Govt. Killa Abdullah

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

It is hereby informed to all contractors that the scheme titled "Construction of Additional Rooms at Government High School Wahdat Colony Quetta (Z2025.0604)" was published in the Daily newspaper on 17-08-2025, vide PRQ No. 647/16-08-2025, and also uploaded on the BPPRA website under TSE No. 252608814903. The bid opening date is scheduled for 1st September 2025. Please note that only electronic bids will be accepted; physical submission of bids is not required. The Basic Eligibility Criteria and Evaluation Criteria have been amended and can be reviewed in the updated **Bidding Documents.** Furthermore, the Call Deposit amount should be considered as 2% of the estimated cost, instead of the previously stated 4%. The deadline for bid submission remains unchanged. All procurements shall be carried out in accordance with the Balochistan Public Procurement Rules, 2014.

PRQ No.784/25-8-2025

EXECUTIVE ENGINEER
(Buildings), CW,PP&H
Department Saddar Quetta

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Project Director Green Balochistan Initiatives invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-252608825991 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. tender Fee Not required**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Furniture & Fixtures (Total Item(s) Count: 28)	2 %

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 1 Assignments of Similar Nature and Complexity 15,000,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 15,000,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive The bidder must have manufacturing facility/Authorized dealer of the manufacturer Bidder must have to provide samples of furniture items as desired.**Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 09 September, 2025till 11:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 11:30 AM on EPPS System Address: Block no. 4 Civil Secretariat Quetta Phone no: 3358199956
Email: jdtn1969@gmail.com

AB No.187/25-8-2025

PROJECT DIRECTOR
GREEN BALOCHISTAN
INITIATIVES

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM / EXTENSION IN DATE OF TENDER SUBMISSION

Reference to AB No. 140/08-08-2025 published in various newspapers dated 09-08-2025 under the TSE-252608805923, TSE-252608805913, TSE-252608805723, TSE-252608805693, TSE-252608805673, TSE-252608805663, TSE-252608805653, TSE-252608805623, TSE-252608805603, TSE-252608805933, TSE-252608805493, TSE-252608805363, TSE-252608805283, TSE-252608805263, TSE-252608805213, TSE-252608805183. Now the last date of bid submission has been extended to 19th September 2025 at 10:30 AM. The bids will be opened on the same day at 11:30 AM. Eligibility Criteria for bidders may be seen in the bidding documents. The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee.

AB No.189/25-8-2025

PROJECT DIRECTOR
Provision of Missing Facilities SED,
Government of Balochistan

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کورٹ II کوئٹہ

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ

مقدمہ نمبر 38/25 FIR نمبر 92/24 سرکار بنام: محمد اسلم CTD کوئٹہ

جرم زیر دفعہ 353,186,324,1908,11F ,(1) (2) 21i 7ATA ت پ

ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ مسمی محمد اسلم ولد خالق داد قوم بگٹی سکنہ ڈیرہ بگٹی حال کوئٹہ جرم بالا کے جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقرر ہے مرتکب ہوئے ہیں (یا ان کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے ریٹرن یعنی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو بہ طبق اس نالش کے جاری ہوا معلوم ہوا ہے کہ مسمیان مذکوران بالا دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکوران بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان مذکوران کو لازم ہے کہ وہ بتاریخ 28-08-2025 کو عدالت ہذا بمقام ATC II کوئٹہ نالش مذکور کی جوابدہی کیلئے حاضر ہو۔

اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کورٹ II کوئٹہ

PRQ No 804/25-08-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کورٹ II کوئٹہ

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ

مقدمہ نمبر 39/25 FIR نمبر 31/25 سرکار بنام: عبدالمجید CTD کوئٹہ

جرم زیر دفعہ 6 (2) F 7 (1) (g) ,11-W ,27 ,B ATA ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ مسمی ملک عبدالمجید ولد عبدالباقی قوم کاکڑ سکنہ ملک عبدالعلی کاکڑ کیلاک جرم بالا کے جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقرر ہے مرتکب ہوئے ہیں (یا ان کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے ریٹرن یعنی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو بہ طبق اس نالش کے جاری ہوا معلوم ہوا ہے کہ مسمیان مذکوران بالا دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکوران بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان مذکوران کو لازم ہے کہ وہ بتاریخ 28-08-2025 کو عدالت ہذا بمقام ATC II کوئٹہ نالش مذکور کی جوابدہی کیلئے حاضر ہو۔

اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کورٹ II کوئٹہ

PRQ No 802/25-08-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کورٹ II کوئٹہ

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ

مقدمہ نمبر 42/25 FIR نمبر 53/25 سرکار بنام: نقیب اللہ عرف نوید وغیرہ

جرم زیر دفعہ 07 ATA ,186,325,353,11-F CTD کوئٹہ

ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ مسمی (1) نقیب اللہ عرف نوید خالد عرف محمد خراسانی قوم بڑیچ سکنہ زہری ٹاؤن ہزار گنجی کوئٹہ (2) پیر مین الرحمان ولد فیض اللہ قوم کبزئی سکنہ مرغہ کبزئی ژوب جرم بالا کے جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقرر ہے مرتکب ہوئے ہیں (یا ان کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے ریٹرن یعنی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو بہ طبق اس نالش کے جاری ہوا معلوم ہوا ہے کہ مسمیان مذکوران بالا دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکوران بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان مذکوران کو لازم ہے کہ وہ بتاریخ 28-08-2025 کو عدالت ہذا بمقام ATC II کوئٹہ نالش مذکور کی جوابدہی کیلئے حاضر ہو۔

اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کورٹ II کوئٹہ

PRQ No 809/25-08-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE

BLACKLISTING OF M/S ADIL KHAN & BROTHERS (AKB) UNDER RULE NO.BPPRA/PR-SP(G&S/19/2016/01/38151 DATED AUGUST 29/-2017.

Reference Work Order No.BDA/HQs/constt/of 42 Nos/ Shops/ Quetta cant: No.2506- 2510 dated 06th July 2023.

1. Whereas M/S Adil Khan & Brothers (AKB) was awarded the above mentioned contract through open competitive bidding as per BPPRA rules 2014.
2. Whereas the contractor has committed several breaches of the contract including but not limited
1) Ignoring written notices and instructions of the concerned S.E/XEN
II) Delayed performance
III) Failure to adhere specification and standard
IV) Violation of contractual clause
V) Failure to complete the project on time as per work order.
3. Whereas several notices and a final notice AB No. 81-22-07-2025 in the newspaper served but no compliance.
4. Now therefore in exercise of powers conferred under rule No.BPPRA/pr-sp(G&S/19/2016/01/38151 dated August 29 /-2017 M/S Adil Khan &Brothers (AKB is hereby blacklisted with immediate effect the firm shall stand debarred from participating in any procurement proceedings in future.
5. This order should also be uploaded on BPPRA website for information of all procuring agencies

AB No.188/25-8-2025

BALOCHISTAN DEVELOPMENT AUTHORITY

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج اے ٹی سی گوادر

اشتہار زیر دفعہ 87 ض ف پاکستان

FIR نمبر 27/2023 سرکار بنام: صابر علی وغیرہ CTD تھانہ مکران

ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ مسمی شعیب ولد نامعلوم قوم نامعلوم سکنہ دشت کیچ جرم کہ جس کی سزا مجموعہ تعزیرات پاکستان کی دفعہ 427,34,302,324 ت پ 7 ATA 3/4/5 Exp میں مقرر ہے مرتکب ہوا ہے (یا اس کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے ریٹرن یعنی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو بہ طبق اس نالش کے جاری ہوا تھا معلوم ہوا ہے کہ مسمی شعیب مذکور دستیاب نہیں ہو سکتا اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مسمی شعیب مذکور فرار ہو گیا ہے یا اس نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے۔ لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمی شعیب سکنہ دشت کیچ کو لازم ہے کہ بتاریخ 13 ماہ ستمبر 2025 کو بمقام گوادر یا اس عدالت میں ہمارے روبرو نالش مذکور کی جوابدہی کیلئے حاضر ہو۔

سیشن جج ATC گوادر

PRQ No 819/25-08-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کورٹ II کوئٹہ

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ

مقدمہ نمبر 46/25 FIR نمبر 101/25 سرکار بنام: شیر باز خان CTD کوئٹہ

جرم زیر دفعہ 11-F (1) (2) 11-EE ATA ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ مسمی شیر باز خان ولد محمد یونس قوم شیخ حسینی سکنہ موجان روڈ کوئٹہ جرم بالا کے جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقرر ہے مرتکب ہوئے ہیں (یا ان کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے ریٹرن یعنی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو بہ طبق اس نالش کے جاری ہوا معلوم ہوا ہے کہ مسمیان مذکوران بالا دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکوران بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان مذکوران کو لازم ہے کہ وہ بتاریخ 28-08-2025 کو عدالت ہذا بمقام ATC II کوئٹہ نالش مذکور کی جوابدہی کیلئے حاضر ہو۔

اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کورٹ II کوئٹہ

PRQ No 812/25-08-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کورٹ II کوئٹہ

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ

مقدمہ نمبر 40/25 FIR نمبر 91/23 سرکار بنام: نقیب اللہ عرف محمد خراسانی وغیرہ

جرم زیر دفعہ 11-F (1) (2) 11000, 21I 353,186,120B, ATA CTD کوئٹہ

ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ مسمی (1) پیر مین الرحمان ولد فیض اللہ قوم کبزئی سکنہ مرغہ کبزئی ژوب جرم بالا کے جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقرر ہے مرتکب ہوئے ہیں (یا ان کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے ریٹرن یعنی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو بہ طبق اس نالش کے جاری ہوا معلوم ہوا ہے کہ مسمیان مذکوران بالا دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکوران بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان مذکوران کو لازم ہے کہ وہ بتاریخ 28-08-2025 کو عدالت ہذا بمقام ATC II کوئٹہ نالش مذکور کی جوابدہی کیلئے حاضر ہو۔

اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کورٹ II کوئٹہ

PRQ No 811/25-08-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کورٹ II کوئٹہ

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ

مقدمہ نمبر 43/25 FIR نمبر 115/25 سرکار بنام: ناصر احمد CTD کوئٹہ

جرم زیر دفعہ 11-EE,11-F (1) (2)(6)- ATA ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ مسمی ناصر احمد ولد عبدالغفار سکنہ مکان نمبر 43 شیخ عمرو ڈیرہ کوئٹہ جرم بالا کے جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقرر ہے مرتکب ہوئے ہیں (یا ان کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے ریٹرن یعنی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو بہ طبق اس نالش کے جاری ہوا معلوم ہوا ہے کہ مسمیان مذکوران بالا دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکوران بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان مذکوران کو لازم ہے کہ وہ بتاریخ 28-08-2025 کو عدالت ہذا بمقام ATC II کوئٹہ نالش مذکور کی جوابدہی کیلئے حاضر ہو۔

اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کورٹ II کوئٹہ

PRQ No 806/25-08-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

7 ستمبر یوم تحفظ ختم نبوت شایان شان طریقے سے منایا جائیگا، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت

عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ امت مسلمہ کی مشترکہ ذمہ داری ہے اتحاد امت کے لیے عقیدہ ختم نبوت سے بڑھ کر کوئی فارمولا نہیں

عقیدہ ختم نبوت ایمان کا اہم ترین جزو ہے اس کے استحکام میں پوری امت کا استحکام ہے، آئینی و قانونی جدوجہد جاری رہے گی

کوئٹہ (پ ر) عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ امت مسلمہ کی مشترکہ ذمہ داری ہے اتحاد امت کے لیے عقیدہ ختم نبوت سے بڑھ کر کوئی فارمولا نہیں عقیدہ ختم نبوت ایمان کا اہم ترین جزو ہے اس کے استحکام میں پوری امت کا استحکام ہے عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ ہی امت محمدیہ کی علامت ونشانی ہے قادیانیت کیخلاف ہماری آئینی و قانونی جنگ جاری رہے گی ان خیالات کا اظہار عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت بلوچستان کے نائب امیر مولانا حافظ حسین احمد شرودی، صوبائی خطیب مولانا انوار الحق حقانی، مفتی عبد الرزاق، جنرل سیکرٹری حاجی خلیل الرحمن، مولانا عطا الرحمن رحیمی، صوبائی مبلغین مولانا محمد اویس، مولانا عنایت اللہ و دیگر نے عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا مقررین نے کہا کہ 7 ستمبر یوم تحفظ ختم نبوت شایان شان طریقے سے منایا جائے گا اور صوبے بھر میں اجتماعات ہوں گے مقررین نے کہا کہ خلافت راشدہ کے اولین دور میں تحفظ ختم نبوت کیلئے فرزندان اسلام نے جو تاریخ ساز جدوجہد کی وہ حشر تک معیار حق وصداقت ہے اور ملت اسلامیہ ان اساسی نقوش پر اپنا فرض منصبی ادا کرتی رہے گی عقیدہ ختم نبوت کی حفاظت ہمیں اپنی جان سے بھی زیادہ عزیز ہے اکابرین اور کارکنان ختم نبوت عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کا پیغام گھر گھر پہنچائیں اور قوم کو فتنہ قادیانیت سے آگاہ کریں۔

بلوچستان حکومت ملازمین کو تیس فیصد ڈی آر اے الاؤنس فوری جاری کرے، زمان خان

میونسپل اداروں کا ہر ماہ تنخواہوں و پنشن کا لیٹ ادا کرنا ملازمین و مزدوروں کا معاشی قتل اور انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے

مزدوروں و ملازمین کے مسائل کے حل کیلئے کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں احتجاج کی کال دینے کا حق محفوظ رکھتے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت بجٹ میں اعلان کردہ تیس فیصد ڈی آر اے الاؤنس کی تنخواہوں میں شامل کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کرے۔ میونسپل اداروں کو ہر ماہ تنخواہوں و پنشن کا لیٹ ادا کرنا ملازمین و مزدوروں کا معاشی قتل اور انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے مزدوروں و ملازمین کے مسائل کے حل کیلئے کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں احتجاج کی کال دینے کا حق محفوظ رکھتے ہیں محکمہ کیو ڈی اے۔ واسا اور کوئٹہ میٹرو پولیٹن کارپوریشن خود مختار ادارے ہیں پبلک پرائیوٹ پارٹنر شپ یا کسی ٹھیکیداری نظام کے ذریعے ان اداروں کی نجکاری اور ان اداروں کے ملازمین و مزدوروں کا معاشی استحصال قبول نہیں کیا جائے گا۔ بلوچستان حکومت کا کوئٹہ میٹرو پولیٹن کارپوریشن کو ٹھیکیدار کے حوالے کرنیکا تجربہ بری طرح ناکام ہوگیا۔ کوئٹہ شہر کچرے کا ڈھیر بن چکا ہے۔ کروڑوں روپے کے فنڈز خورد برد ہوگئے ملازمین و مزدور تنخواہوں و پنشن سے محروم ہیں۔ ان

سوراب: لیویز فورس نے اشتہاری ملزم گرفتار کرلیا

سوراب (یو این اے) ڈپٹی کمشنر سوراب فیصل نسیم یوسفزئی کی خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر شیر اکبر علی بلوچ کی نگرانی اور لیویز میجر رسالدار الطاف حسین ہارونی کی قیادت میں لیویز فورس نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے ایک نامزد اشتہاری ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان کے مطابق عبدالکریم ریکی اور دیگر لیویز اہلکاروں نے کارروائی کے دوران دین محمد ولد خان محمد قوم محمد حسنی (مندوزئی) (ساکن یو سی ماراپ) کو حراست میں لیا۔ گرفتار ملزم ایف آئی آر نمبر 09/025 کے تحت مختلف سنگین مقدمات میں مطلوب تھا جس میں دفعات 398، 337/H2، 148، 147، 149 اور 427 شامل ہیں۔ لیویز حکام نے بتایا کہ ملزم کو سنڈی میں منتقل کر دیا گیا ہے جبکہ مزید تفتیش جاری ہے۔

قلعہ عبداللہ کلی پانیزئی میں فری میڈیکل کیمپ منعقد ہوا

600 مریضوں کا طبی معائنہ کر کے انہیں مفت ادویات فراہم کی گئیں

کوئٹہ (آن لائن) اتحاد بین السادات ویلفیئر آرگنائزیشن کے زیر اہتمام ضلع قلعہ عبداللہ کلی پانیزئی میں غریب مریضوں کو طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس میں سینکڑوں خواتین سمیت تقریباً 600 کے قریب مریضوں کا طبی معائنہ اور انہیں مفت ادویات فراہم کی گئیں۔ اس حوالے سے چیئرمین اتحاد بین السادات پاکستان سید الطاف حسین شاہ نے بتایا کہ کیمپ قائم کرنے کا مقصد علاقے کے غریب لوگوں کو طبی سہولیات فراہم کر کے انسانیت کے جذبے کو لوگوں میں اجاگر کرنا ہے انہوں نے بتایا کہ ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کامیابی کے ساتھ منعقد کیا گیا کیمپ میں ڈاکٹر رحمت اللہ زہری اور لیڈی ڈاکٹر زبیدہ نے مریضوں کا معائنہ کیا۔ مجموعی طور پر 560 مریضوں کو مفت ادویات فراہم کی گئیں جن میں 400 خواتین، 70 مرد اور 50 بچے شامل تھے کیمپ میں گلے کی خرابی، کھانسی، نزلہ، سینے اور سانس کی بیماریوں کے ساتھ ساتھ جگر اور گردے سمیت خواتین کے امراض اور جوڑوں کے درد کا علاج کیا

کوئٹہ: ٹریفک کا نظام درہم برہم، شہری اذیت میں مبتلا

ٹریفک پولیس کی موجودگی کے باوجود تجاوزات اور پارکنگ کا مسئلہ حل نہیں ہو سکا

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مصروف بازاروں اور مرکزی شاہراہوں پر ٹریفک جام معمول بن گیا ہے جناح روڈ، منان چوک، لیاقت بازار اور علمدار روڈ سمیت دیگر شاہراہوں پر رش کے اوقات میں گاڑیوں کی طویل قطاریں لگ جاتی ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ ٹریفک پولیس کی موجودگی کے باوجود تجاوزات اور پارکنگ کا مسئلہ حل نہیں ہو سکا تاجر برادری کے مطابق سڑکوں پر غیر قانونی ریڑھیوں اور دکانوں کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر ہو رہی ہے۔ عوام نے ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ تجاوزات ختم کرے اور پارکنگ کے لیے الگ مقامات مختص کرے تاکہ شہری سکون کا سانس لے سکیں۔

صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات میر سلیم احمد کھوسہ سے میر اصغر علی رند و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

ڈی جی سیف سٹی اسلام آباد نے کمانڈ کنٹرول سنٹر کا دورہ کیا

کیمرہ جات سے براہ راست ہونے والی سرویلنس اور آلات کا جائزہ لیا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ڈی جی سیف سٹی شاکر حسین داوڑ نے سیف سٹی کیمرہ جات سے براہ راست ہونے والی سرویلنس کا جائزہ لیا اور شفٹ انچارج کو مزید بہتری کی ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل سیف سٹی اسلام آباد شاکر حسین داوڑ نے سیف سٹی کمانڈ کنٹرول سنٹر کا دورہ کیا، اس موقع پر سینئر افسران بھی موجود تھے، ڈی جی سیف سٹی نے کیمرہ جات سے براہ راست ہونے والی سرویلنس کا جائزہ لیا اور شفٹ انچارج کو مزید بہتری کی ہدایات جاری کیں، انہوں نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ جدید تکنیک کو استعمال کرتے ہوئے سیف سٹی کیمروں کی استعداد کار کو مزید بڑھانے کے ساتھ ساتھ شہر بھر میں سرویلنس اور مانیٹرنگ کے نظام کو بہتر بنایا جائے اور سیف سٹی اسلام آباد کی سروسز کو موثر بنانے کیلئے اس کے دائرہ کار کو بڑھایا جائے، انہوں نے مزید کہا کہ بدلتے ہوئے دور کے عین مطابق جدید تکنیک اور موجودہ وسائل کو بروئے کار لایا جائے

پشتونخواہ کو آفت زدہ قرار دے کر مکمل بحالی کی جائے، اے کیو ایم

سیلابوں سے تباہ شدہ املاک و مکانات کی دوبارہ تعمیر کیلئے فوری فنڈ جاری کئے جائیں

کوئٹہ (پ ر) افغان قومی موومنٹ کے مرکزی بیان میں حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ تمام پشتون بلٹ میں سیلابی ریلوں سے تاریخی تباہی مچ گئی ہے تباہ شدہ مکانات اور کاروباری املاک کی تباہی کا ازالہ کے تعمیر کیلئے فوری طور پر درکار فنڈ جاری کیا جائے۔ موسلادار بارشوں اور کلاؤڈ برسٹ کی وجہ سے سیلابی ریلے مختلف علاقوں کے آبادی میں داخل ہو کر سینکڑوں گھروں کو منہدم کر دیا گیا ہے سیلابی ریلہ گنجان آباد علاقے میں داخل ہو کر سینکڑوں مکانات کو زمین بوس کر دیا گیا ہے جس سے سینکڑوں قیمتی جانیں ضائع ہو گئیں ہیں غفلت کی انتہا یہ ہے کہ ان علاقوں سے سیلابی ریلے روکنے کیلئے تاحال کوئی بھی منصوبہ بندی نہ کی گئی ہے اگر ممکنہ سیلابی ریلوں کے سامنے بروقت فلڈ پروٹیکشن وال جنگی بنیادوں پر تعمیر نہیں کیے گئے اور سیلابی ریلوں کو متبادل راستے نہ دیے گئے تو تباہی ایک بار پھر پسماندہ علاقوں کے عوام کی مقدر بنے گی یہ حقیقت ہے کہ کئی علاقوں کے سیلاب متاثرین آج تک حکومتی امداد کی منتظر ہیں اور منہدم شدہ گھروں کے غریب عوام تاحال خیموں میں مقیم ہیں

تربت، کمشنر مکران قادر بخش پرکانی سٹی ڈویلپمنٹ پروجیکٹ فیز ٹو کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ پانی کی شدید قلت، شہری پریشان

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کے کئی علاقوں میں پینے کے صاف پانی کی قلت شدت اختیار کرگئی ہے۔ سریاب، کچلاک، اسپنی روڈ اور نواحی علاقوں کے رہائشیوں کا کہنا ہے کہ گھروں میں پانی نہیں آ رہا، جس کے باعث انہیں مہنگے داموں ٹینکر خریدنے پڑ رہے ہیں۔ عوامی نمائندوں کا کہنا ہے کہ زیر زمین پانی کے ذخائر تیزی سے کم ہو رہے ہیں جبکہ واٹر بورڈ کے پاس مطلوبہ مشینری اور فنڈز کی کمی ہے۔ شہریوں نے صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ نئی واٹر سپلائی اسکیمیں شروع کی جائیں

رحیم آغا کوئٹہ ہوٹل ایسوسی ایشن رجسٹرڈ کے صدر، حاجی عبدالسلام چیئرمین منتخب

ہم پہلے بھی ہوٹل مالکان کی حقوق کے تحفظ کے لئے کوشاں تھے یہ سلسلہ مزید تندہی کے ساتھ آگے بڑھایا جائے گا

آج جو ذمہ داری ہمیں سونپی گئی ہے اسے پوری ایمانداری سے سرانجام دینے کی کوشش کریں گے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) آل بلوچستان ہوٹل ایسوسی ایشن اور کوئٹہ ہوٹل ایسوسی ایشن کا مشترکہ اجلاس مقامی ہوٹل میں زیر صدارت رحیم آغا منعقد ہوا اجلاس میں کوئٹہ ہوٹل ایسوسی ایشن کے صدر حاجی عبدالسلام آغا، جنرل سیکرٹری حاجی سمیر حسن مندوخیل، انجمن تاجران بلوچستان کے جنرل سیکرٹری ولی افغان ترین، ملک عبدالجبار کاسی، اخونزادہ آغا، حاجی محمد ایوب، حاجی غلام محمد، فضل محمد، سید اشرف آغا، اسماعیل آغا، خلیل احمد، حاجی داود خلجی سمیت کوئٹہ کے تمام رہائشی ہوٹل مالکان و مینیجرز نے کثیر تعداد میں شرکت کی اجلاس تلاوت کلام پاک سے شروع ہوا اجلاس سے اپنے خطاب میں کوئٹہ ہوٹل ایسوسی ایشن رجسٹرڈ کے جنرل سیکرٹری حاجی سمیر خان مندوخیل نے بلا مقابلہ رحیم آغا کا نام صدارت کے لئے اور کوئٹہ ہوٹل ایسوسی ایشن رجسٹرڈ کے صدر حاجی عبدالسلام آغا کا نام بطور چیئرمین پیش کیا اور شرکاء سے ہاتھ اٹھا کر حمایت اور مخالفت میں رائے طلب کی جس پر شرکاء نے مکمل اتفاد اور حمایت میں ہاتھ اٹھا کر اپنی رائے دی اور تمام ممبران نے دونوں عہدیداروں کو مبارکباد دی۔ اس موقع پر انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ اور رہائشی ہوٹلوں کے نو منتخب صدر رحیم آغا نے کوئٹہ ہوٹل ایسوسی ایشن رجسٹرڈ کے صدر سید عبدالسلام آغا، جنرل سیکرٹری حاجی سمیر حسن مندوخیل، ملک عبدالجبار کاسی سمیت تمام سابقہ عہدیداروں ممبران کا شکریہ ادا کیا انہوں نے کہا کہ ہم پہلے بھی ہوٹل والوں کی حقوق کے تحفظ کے لئے کوشاں تھے اب مزید بھرپور طریقے سے ہوٹل والوں کی حقوق کا تحفظ ہر محاذ پر کیا جائے گا ساتھیوں نے آج جو ذمہ داری میری کندھوں پر ڈالی ہے

کوئٹہ میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، تعلیمی و کاروباری سرگرمیاں متاثر

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں گرمی کی شدت کے ساتھ ہی شہر میں غیر اعلانیہ بجلی لوڈشیڈنگ میں اضافہ ہو گیا ہے۔ جناح روڈ، مشن روڈ، مدرسہ روڈ، شالدرہ روڈ، کلی درانی، جان محمد روڈ، سرکی روڈ، سریاب روڈ، خروٹ آباد، زرغون روڈ، بروری روڈ، نواں کلی، اسپنی روڈ سمیت دیگر علاقوں کے مکینوں کے مطابق روزانہ 6 سے 8 گھنٹے بجلی بند رہتی ہے، جس سے گھریلو اور کاروباری زندگی مفلوج ہو کر رہ گئی ہے طلباء کا کہنا ہے کہ دکانداروں کے مطابق فریزر اور کولنگ سسٹم نہ چلنے سے کاروبار متاثر ہو رہا ہے۔ عوام نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ بجلی کی لوڈشیڈنگ کے لیے واضح شیڈول جاری کرے اور فوری اقدامات سے بجلی کی فراہمی یقینی بنائے۔

پنجگور: انٹرنیٹ سروس دو گھنٹے کی بحالی کے بعد دوبارہ بند

پنجگور (یو این اے) ڈسٹرکٹ پنجگور میں پی ٹی سی ایل کی وائی فائی نیٹ سروس گزشتہ 25 روز سے مکمل طور پر معطل ہے، جس کے باعث عوام شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ ذرائع کے مطابق 22 روز بعد پی ٹی سی ایل کی سروس محض دو گھنٹوں کے لیے بحال ہوئی تھی، تاہم چند ہی گھنٹوں بعد دوبارہ بند کر دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق پنجگور اور ہوشاپ کے درمیان فائبر کیبل کو نقصان پہنچا تھا جس کی مرمت پی ٹی سی ایل کی ٹیم نے طویل محنت کے بعد مکمل کر لی تھی، لیکن ہفتہ کے روز بحالی کے کچھ وقت بعد ہی سروس پھر معطل ہو گئی۔ مقامی ذرائع کے مطابق ضلع پنجگور کے مختلف علاقوں میں ایک پرائیویٹ نیٹ ورک کام کر رہا ہے مگر اس کے ریٹ انتہائی زیادہ ہونے کے باعث عام عوام کے دسترس سے باہر ہیں۔ دوسری جانب ڈسٹرکٹ پنجگور میں موبائل ڈیٹا سروس گزشتہ چار سالوں سے بند ہیں

سولرائزیشن فیز فور کے تمام زرعی کنکشنز منقطع کردیئے گئے، کیسکو

اس فیز کیلئے حکومت کی جانب سے 24.5 بلین روپے جاری کردیئے گئے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) نے صوبہ بھر میں تمام زرعی ٹیوب ویل کنکشنز کی شمسی توانائی پر منتقلی کے فیز فور منصوبہ پر کام مکمل کر کے تمام زرعی کنکشنز کیسکو نیٹ ورک سے منقطع کر دیے ہیں۔ شمسی توانائی پر منتقلی کے فیز فور کیلئے حکومت کی جانب سے 24.5 بلین روپے جاری کردیے گئے تھے جس کے بعد کیسکو نے فیز فور میں شامل 12 ہزار 250 زرعی کنکشنز منقطع کر دیے جبکہ اس منصوبہ میں 698 ایچ ٹی کھمبے اور 2370 زرعی ٹرانسفارمرز اور ان سے منسلک دیگر برقی آلات متعلقہ جگہوں سے اتار دیے گئے واضح رہے کہ زرعی کنکشنوں کی شمسی توانائی پر منتقلی منصوبہ کے پہلے مرحلہ (یعنی فیز ون) میں شامل زمینداروں کو حکومت کی جانب سے 5.4 بلین روپے کی ادائیگی کے بعد کیسکو نے زرعی کنکشنز منقطع کرنے کا کام 20 دسمبر 2024 میں شروع کر کے 17 جنوری 2025 کو مکمل کرلیا

آزاد عدلیہ ہی خوشحال پاکستان کی ضمانت ہے، سید صادق آغا

جسٹس اطہر من اللہ کا خطاب عدالتی نظام کی اصل عکاسی ہے، رہنما پی ٹی آئی

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے کراچی میں یوم من رائٹس تقریب کے دوران سپریم کورٹ کے جج جسٹس اطہر من اللہ کے خطاب کو "تاریخی، جرات مندانہ اور پاکستان کے عدالتی نظام کی اصل عکاسی" قرار دیتے ہوئے زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ سید صادق آغا نے کہا کہ جسٹس اطہر من اللہ کا خطاب عدلیہ کی تاریخ میں ایک روشن باب کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔ ان کے خطاب نے نہ صرف انصاف کے نظام کے مسائل اجاگر کیے بلکہ عدلیہ کے وقار اور اصولی موقف کو بھی نمایاں کیا۔ انہوں نے کہا کہ عوام چاہتے ہیں عدلیہ آزاد ہو اور فیصلے دباؤ یا مصلحت کے بجائے انصاف کی بنیاد پر ہوں۔ "ہمیں ایسے نڈر اور حق گو ججز پر فخر ہے جو اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کرتے،" صادق آغا نے کہا۔ پی ٹی آئی رہنما نے مزید کہا کہ جسٹس اطہر من اللہ کا سچائی اور انصاف پر مبنی خطاب آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ اور نوجوان وکلا، طلبہ و عام شہریوں کے لیے رہنمائی کا ذریعہ ہے

گورنر جعفر خان مندوخیل سے یونیورسٹی آف گوادر کے وائس چانسلر پروفیسر عبدالرزاق صابر ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان میں پہلے ویمن انڈومنٹ فنڈ کا آغاز رواں ہفتے ہوگا، ڈاکٹر ربابہ بلیدی

اس منصوبے کے تحت دور افتادہ اور پسماندہ علاقوں کی خواتین کو بلاسود قرضے فراہم کیے جائیں گے، صوبائی مشیر ویمن ڈویلپمنٹ

خواتین گھریلو و مقامی سطح پر چھوٹے کاروباری سیٹ اپ قائم کرسکیں گی اور اپنے خاندان کے معاشی استحکام میں کردار ادا کرسکیں گی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں خواتین کی معاشی خودمختاری کے لیے ایک اہم قدم کے طور پر پہلے ویمن انڈومنٹ فنڈ کا آغاز رواں ہفتے کیا جا رہا ہے۔ اس منصوبے کے تحت دور افتادہ اور پسماندہ علاقوں کی خواتین کو بلا سود قرضے فراہم کیے جائیں گے تاکہ وہ گھریلو و مقامی سطح پر چھوٹے کاروباری سیٹ اپ قائم کرسکیں اور اپنے خاندان کے معاشی استحکام میں کردار ادا کرسکیں یہ بات انہوں نے سیکرٹری ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ محترمہ سائرہ عطاء اور ادارہ برائے استحکام شرکتی ترقی کے عہدیداروں سے ملاقات کے دوران کہی۔ اس موقع پر سیکرٹری ویمن ڈویلپمنٹ نے صوبائی مشیر کو محکمانہ امور اور جاری منصوبوں سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ صوبائی حکومت خواتین کو قومی دھارے میں شامل کرنے اور ان کے سماجی و معاشی کردار کو مستحکم بنانے کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ ویمن انڈومنٹ فنڈ اس سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے جس کے مثبت اثرات نہ صرف خواتین کی زندگیوں پر مرتب ہوں گے بلکہ صوبے کی مجموعی معیشت پر بھی پڑیں گے انہوں نے کہا کہ پالیسی سازی کے عمل میں خواتین کی شمولیت، ہنرمندی کے فروغ اور مالی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ صوبائی حکومت اس بات پر یقین رکھتی ہے کہ خواتین کو بااختیار بنائے بغیر پائیدار ترقی کے اہداف حاصل نہیں کیے جاسکتے۔

کوئٹہ شہر ہے یا کچرہ کنڈی فرق کرنا مشکل ہوگیا

جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر، سیوریج کا پانی، دھول مٹی و تعفن، زندگی عذاب

نواں کلی من حیث العلاقہ کچرے کے ڈھیر میں تبدیل، مین سڑک ٹوٹی پھوٹی

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مین اندرون شہر ہو قریبی آبادیاں ہوں یا نواحی علاقے سب کے سب کچرے کے ڈھیر میں تبدیل ہوگئے ہیں۔ تمام علاقوں میں صفائی کے ناقص انتظامات نے شہریوں کو پریشان کردیا ہے۔ شہر کے تمام علاقوں میں جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر لگے ہیں، جن سے تعفن اٹھ رہا ہے اور مچھر و دیگر بیماریاں پھیلنے کا خدشہ بڑھ گیا ہے، نواں کلی من حیث العلاقہ کچرے کے ڈھیر میں تبدیل ہوگیا ہے، مین سڑک ٹوٹی پھوٹی ہوئی ہے۔ عوامی سماجی تنظیموں نے مطالبہ کیا ہے کہ شہر کے لیے جدید ویسٹ مینجمنٹ سسٹم متعارف کرایا جائے تاکہ کوئٹہ کے شہری صحت مند ماحول میں زندگی گزار سکیں۔

نبی کریم ﷺ کی سیرت کو اپنی زندگیوں میں اپنائیں، کفایت اللہ آغا

ربیع الاول کا پیغام دراصل امن، محبت، بھائی چارے اور باہمی رواداری کا پیغام ہے

کوئٹہ (پ ر) ربیع الاول کا مہینہ عالم انسانیت کے لیے سب سے زیادہ بابرکت اور باعث سعادت ہے، یہی وہ مہینہ ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب، رحمت للعالمین حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس دنیا میں مبعوث فرمایا۔ آپ ﷺ کی ولادت باسعادت نے ظلمت کے اندھیروں کو دور کر کے عالم کو علم، عدل، انصاف، اخوت، مساوات اور ہدایت کی روشنی عطا کی۔ ربیع الاول کا پیغام دراصل امن، محبت، بھائی چارے اور باہمی رواداری کا پیغام ہے جو معاشرتی ہم آہنگی اور فلاح کی ضمانت ہے۔ ان خیالات کا اظہار نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی کے چیئرمین سید حاجی کفایت اللہ آغا نے اپنے ایک جاری کردہ بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ نبی اکرم ﷺ کی سیرت طیبہ ہمارے لیے مشعل راہ ہے

تعلیمی اداروں میں ہم نصابی سرگرمیاں وقت کی ضرورت ہیں، نسیم الرحمان ملاخیل

نعتیہ مقابلے نہ صرف عشق رسول کو پروان چڑھاتے ہیں بلکہ طلبہ و طالبات کی دینی و ادبی صلاحیتوں کو بھی اجاگر کرتے ہیں

حکومت بلوچستان ہمیشہ مثبت اور دینی رجحان کو فروغ دینے والے پروگراموں کی حوصلہ افزائی کرتی رہے گی، تقریب سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے کہا کہ "ایسے روحانی اور اخلاقی تربیت کے مواقع ہماری نئی نسل کے لیے نہایت اہم ہیں۔ نعتیہ مقابلے نہ صرف عشق رسول کو پروان چڑھاتے ہیں بلکہ طلبہ و طالبات کی دینی و ادبی صلاحیتوں کو بھی اجاگر کرتے ہیں۔ حکومت بلوچستان ہمیشہ ایسے مثبت اور دینی رجحان کو فروغ دینے والے پروگراموں کی حوصلہ افزائی کرتی رہے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے بحیثیت مہمان خصوصی محکمہ مذہبی امور، حج و اوقاف حکومت بلوچستان کے زیر اہتمام سالانہ حسن نعت مقابلوں کے موقع پر کیا تقریب کا انعقاد گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول پوسٹل کالونی میں کیا گیا۔ اس پر وقار تقریب میں صوبائی مشیر برائے ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمن ملاخیل مہمان خصوصی کے طور پر شریک ہوئے۔ جبکہ تقریب میں محکمہ مذہبی امور اور دیگر سرکاری اداروں کے اعلیٰ حکام، مختلف مذہبی شخصیات، منتظمین، اساتذہ کرام اور مختلف اسکولوں کے طلباء، طالبات کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اسکولوں کے طلباء، وطالبات اور دیگر نعت خواں نے حضور اکرم ؟ کی شان میں نعتیں پیش کیں، جنہوں نے شرکاء کے دلوں کو روحانی سکون بخشا۔ آخر میں نمایاں کارکردگی دکھانے والی طلبہ و طالبات اور منتظمین میں انعامات اور اسناد تقسیم کی گئیں، جبکہ شرکاء نے محکمہ مذہبی امور کی اس کاوش کو سراہا اور ایسے مزید پروگراموں کے انعقاد کی خواہش کا اظہار کیا۔

بعدالت اسپیشل جج اے ٹی سی گوادر

اشتہار زیر دفعہ 87 ض ف پاکستان

FIR نمبر 56/25 سرکار بنام: چراغ وغیرہ CTD تھانہ مکران

ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ مسمی شاکر علی ولد محمد اسحاق قوم بلوچ سکنہ مل بڈو کی کلاچ حال کلانچی بازہ گوادر سیل بڈو کی کلاچ حال کپڈاقی بازہ گوادر جرم 7ATA 11/FE-4 کا جس کی سزا مجموعہ تعزیرات پاکستان کی دفعہ 7ATA 11/FE-4 میں مقرر ہے مرتکب ہوا ہے (یا اس کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے رپورٹ یعنی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو بہ طبق اس نالش کے جاری ہوا تھا معلوم ہوا ہے کہ مسمی شاکر علی ولد محمد اسحاق مذکور دستیاب نہیں ہو سکتا اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مسمی شاکر علی ولد محمد اسحاق مذکور مفرور ہوگیا ہے یا اس نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے۔ لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمی شاکر علی ولد محمد اسحاق سکنہ مل بڈو کی کلاچ حال کلانچی بازہ گوادر کو لازم ہے کہ بتاریخ 15 ماہ ستمبر 2025ء کو بمقام گوادر اس عدالت میں (یا ہمارے روبرو) نالش مذکور کی جوابدہی کیلئے حاضر ہو۔

سیشن جج ATC گوادر

PRQ No 814/25-08-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی مستونگ

اشتہار بحکم احضار شخص ملزمان زیر دفعہ (87 ض ف) (10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ 1997

FIR نمبر 109/2025 ATC کیس نمبر 10/2025 سرکار بنام: محمد آزاد وغیرہ

CTD بلوچستان کوئٹہ OFFENCE UNDER SECTION ,6 (2) (ee) 7(1) (h)-7(1) (i) (2) 11F (1) (2) (6) 11G,11i,11N,2Li 27 ATA

(1) مسمی فدا جی ولد حاجی احمد علی قوم بنگلزئی ساکن کیچی بیگ سریاب کوئٹہ جرم بالا کا مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شبہ ہے از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بہ طبق نالش جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان مذکورہ بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان بالا کو لازم ہے کہ وہ مقررہ تاریخ پیشی 22 ستمبر 2025ء کو عدالت انسداد دہشت گردی بمقام مستونگ میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہو جائے۔

اسپیشل جج انسداد دہشت گردی مستونگ

PRQ No 823/25-08-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج اے ٹی سی گوادر

اشتہار زیر دفعہ 87 ض ف پاکستان

FIR نمبر 12/23 سرکار بنام: صابر علی وغیرہ CTD تھانہ مکران

ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ مسمی اختر ندیم عرف میجر گیرام بلوچ ولد لعل بخش قوم بلوچ سکنہ گور جنگ میشے آواران جرم 436, 21-i 7ATA ت پ کا جس کی سزا مجموعہ تعزیرات پاکستان کی دفعہ 7ATA 21-i,436 ت پ میں مقرر ہے مرتکب ہوا ہے (یا اس کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے رپورٹ یعنی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو بہ طبق اس نالش کے جاری ہوا تھا معلوم ہوا ہے کہ مسمی اختر ندیم عرف میجر گیرام بلوچ مذکور دستیاب نہیں ہو سکتا اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مسمی اختر ندیم عرف میجر گیرام بلوچ مذکور مفرور ہو گیا ہے یا اس نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے۔ لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمی اختر ندیم عرف میجر گیرام بلوچ سکنہ آواران کو لازم ہے کہ بتاریخ 13 ماہ ستمبر 2025ء کو بمقام گوادر اس عدالت میں (یا ہمارے روبرو) نالش مذکور کی جوابدہی کیلئے حاضر ہو۔

سیشن جج ATC گوادر

PRQ No 816/25-08-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی ژوب

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ

ATC مقدمہ نمبر 12/2025 مقدمہ فرد نمبر 13/2025 سرکار بنام: جمال الدین وغیرہ

جرم زیر دفعہ 6(2)-ee,7(i) 7(1-FE) 11(F-12,6) 7ATA CTD ژوب

ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ ملزم اشخاص (1) ہدایت اللہ عرف حاجی لالا ولد عبداللہ (2) عبدالرشید عرف خالد ولد نامعلوم جرم بالا کے جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقرر ہے مرتکب ہوئے ہیں (یا ان پر ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو کہ بہ طبق اس نالش کے جاری ہوا تھا معلوم ہوا ہے کہ ملزم اشخاص مذکورہ بالا دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکوران بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے۔ لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ تم ملزم اشخاص بالا کو لازم ہے کہ بتاریخ 23-09-2025 کو عدالت ہذا بمقام ژوب نالش مذکوران کی جوابدہی کیلئے حاضر ہو۔

اسپیشل جج انسداد دہشت گردی / سیشن جج ژوب

PRQ No 824/25-08-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

تصحیح اشتہار

دفتر ڈپٹی کمشنر ژوب کی طرف سے خالی اسامیوں کے پر کرنے کے حوالے سے اخبارات میں PRQ No. 416/04-08-2025 اشتہار جاری ہوا جس میں درج ذیل تصحیح کی جاتی ہے۔ دفتر ڈپٹی کمشنر ژوب میں درج ذیل اسامیاں خالی ہیں۔ جن کو پر کرنے کیلئے ضلع ژوب سے تعلق رکھنے والے لوکل / ڈومیسائل اور مطلوبہ اہلیت کے حامل امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

نمبر شمار	نام خالی اسامی	بنیادی سکیل	تعداد اسامی	اہلیت	تاریخ انٹرویو
1	ریکارڈ لفٹر	05	01	میٹرک ڈگری لازمی ہے	25 ستمبر 2025
2	چوکیدار	01	02	پڑھنا لکھنا جانتا ہو	25 ستمبر 2025
3	نائب قاصد	01	07	پڑھنا لکھنا جانتا ہو	26 ستمبر 2025
4	خاکروب	01	01	پڑھنا لکھنا جانتا ہو	26 ستمبر 2025

شرائط و ضوابط: (1) درخواست کے ہمراہ تمام مکمل کوائف (CV) اسناد کی مصدقہ نقولات بمعہ 2 عدد تازہ تصاویر منسلک ہوں (2) درخواست دہندہ کا ضلع ژوب لوکل / ڈومیسائل ہونا لازمی ہے (3) امیدوار کی عمر 18 سال سے کم اور 28 سال سے زیادہ نہ ہو (4) عمر کی حد میں حکومت بلوچستان کی مروجہ قوانین کے مطابق رعایت دی جائے گی (5) نامکمل درخواستوں پر کوئی عمل درآمد نہیں کی جائے گی (6) خواتین، اقلیتوں اور معذور افراد کا کوٹہ حکومت بلوچستان کے مروجہ قوانین کے مطابق ہوگا (7) تمام تعیناتیاں میرٹ پر کی جائیں گی (8) درج بالا آسامیوں کی تعداد میں کمی بیشی ہو سکتی ہے (9) ملازمت پیشہ افراد محکمہ کے توسط سے درخواست جمع کروا سکتے ہیں (10) امیدوار اپنی درخواستیں متعلقہ ڈپٹی کمشنر کے دفتر میں 05 ستمبر 2025 تک جمع کرائیں (11) مورخہ 05 ستمبر 2025 کے بعد موصول ہونے والے درخواستوں پر غور نہیں کیا جائے گا (12) ٹیسٹ و انٹرویو کیلئے کسی قسم کا سفری خرچ نہیں دیا جائے گا (13) بذریعہ ڈاک یا TCS موصول ہونے والے درخواست پر غور نہیں کیا جائے گا۔

ڈپٹی کمشنر ژوب

PRQ No 827/25-08-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

کمپیٹیشن کمیشن آف پاکستان
برابری، سب کے لیے

Competition Commission of Pakistan
Creating a level playing field

VACANCY ANNOUNCEMENT

The Competition Commission of Pakistan (CCP) invites applications from dynamic, proactive and experienced professionals for the position of **Senior Investigator/Enforcement Officer**. The candidate should preferably be well-versed in Competition Law & Policy, and should possess a strong understanding of regulatory frameworks, along with a proven track record in enforcement, legal analysis, or related areas. The details of the position are as follows:

Position: Senior Investigator/Enforcement Officer | Age limit: Max 45 | No. of Positions: 2

Qualification and Experience:

i. Minimum LLB or Master's degree in Economics, Business Administration, Finance, Public Policy, or equivalent related field from HEC recognized local or foreign university. Candidate with LLM or Bar-at-Law or Ph.D. degree in the relevant discipline will be given preference.

ii. The candidate must have a minimum of 7 years of professional experience preferably in competition law & policy and/or regulatory affairs, including at least 2-3 years in a leadership or managerial role.

Professional Credentials:

Ideal candidate should have a strong understanding of competition law and economic principles, along with excellent analytical and communication skills. The candidate should demonstrate the ability to interpret and apply complex legal and economic concepts within a regulatory framework. The role requires the capacity to analyze market structures, and conduct of businesses, identify and assess potential anti-competitive behavior, and lead effective enforcement under competition law. Substantial professional experience in competition law enforcement, regulatory affairs, legal or economic analysis, or market investigations, will be given strong preference.

Key Responsibilities:

i. Lead, supervise, and manage enforcement activities in accordance with the Competition Act, 2010 and relevant regulations.

ii. Conduct and supervise the investigation of anti-competitive practices, including abuse of dominance, cartelization, bid rigging, and deceptive marketing practices.

iii. Review and provide guidance on the preparation of inquiry reports, and enforcement orders.

iv. Conduct market studies and research work related to competition enforcement.

v. Coordinate with other relevant departments to ensure comprehensive enforcement outcomes.

vi. Stay abreast of international best practices and propose policy improvements to strengthen enforcement mechanisms.

vii. Perform any other duties as assigned by the senior management in furtherance of the Commission's objectives.

General Terms and Conditions:

a. The appointment will be made on contract basis, for a period of two (02) years further extendable, subject to satisfactory performance.

b. The candidate possessing the requisite qualification/experience/skills will be eligible to apply. Only shortlisted candidates based on qualification and experience will be called for the interview and no TA/DA will be given to the candidates to appear in the test/interview.

c. General age relaxation of 5 years in upper age limit would be granted as admissible under the rules.

d. Government employees may apply through proper channel after getting NOC from the parent department.

e. The Commission is an equal opportunity employer and offers competitive packages with excellent benefits.

f. Applications that are incomplete or received after the due date will not be considered.

g. Selection will be strictly merit-based, and any attempt to exert undue influence on the process will result in the applicant's immediate disqualification.

h. The Commission reserves the right to accept, reject the applications or postpone the appointment process as permissible under the applicable rule.

HOW TO APPLY

Interested candidates meeting the requisite qualification/experience/skills criteria for the mentioned posts may apply online at www.cc.gov.pk .Applications must be submitted online with in fifteen (15) days of publication of advertisement.

Deputy Director (HR)
Competition Commission of Pakistan, 051-9100260-3

PID (I) No.1630/25

TENDER NOTICE

TSE-252608826493 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Project Manager Strengthing of Fragile Eco-system invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1000 PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Construction Loose Stone Small Check Dams 155000 CFT & Construction of Gabion Structure 307500 CFT	50,025,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 35,017,500 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Three 3 Projects of similar nature and complexity completed must be equal to 80% of the Estimated Cost in last three years. (Commencement/ Work Order and Successful Completion Certificates) Credit line 80% of Estimated cost (verified bank certificate) Audit Report 2023,2024,2025 Duly licensed by the Pakistan Engineering Council (PEC) 2025 in the category relevant to the value of the Works with relevant specialization codes **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee, Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 12 September, 2025till 10:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 11:00 AM on EPPS System **Address:** Office of Chief Soil Consevation Spiny Road Quetta Phone no: 8129204423
Email: afrasiabk00@gmail.com

Divisional Forest Officer
Office of Chief Soil Conservation
Balochistan Quetta

PRQ No.795/25-8-2025

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر:۔ پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر:۔2829164-2821538-2821626 فیکس نمبر:۔2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

منگل 26 اگست 2025ء

سنگین موسمی حالات اور بھارت کے جارحانہ عزائم، لمحہ فکریہ

جیسا کہ خدشہ ظاہر کیا جا رہا تھا بھارت نے اپنی جانب سے پہلے ستلج اور اس کے بعد راوی میں بھی پانی چھوڑ دیا ہے جس کی وجہ سے ہنگامی حالات اور سیلاب کے قوی خدشات سامنے آئے ہیں اگرچہ بھارت نے گزشتہ روز پاکستان کو ایک اور بڑے سیلاب کے خطرے سے آگاہ کیا ہے تاہم بھارت کا جو رویہ اور طرز عمل ہے وہ نہ صرف پاکستان بلکہ پوری دنیا کے لئے لمحہ فکریہ ہے کیونکہ بھارت نے یہ انتباہ جس طور دینی تھی اس کا خیال نہیں رکھا بھارت نے اس انتباہ کو سندھ طاس کمیشن کے بجائے سفارتی ذرائع سے فراہم کیا ہے، جو کہ بین الاقوامی معاہدے کی واضح خلاف ورزی ہے۔ ابھی جب یہ سطور زیر قلم آرہی ہیں میڈیا پر ایسی خبریں رپورٹ ہو رہی ہیں کہ بھارت نے ستلج کے بعد دریائے راوی میں پانی چھوڑ دیا ہے اور اس کی وجہ سے سیلابی صورتحال نے جنم لیا ہے یہ صورتحال افسوسناک اور تشویشناک ہے دفتر خارجہ کے ترجمان کے مطابق، بھارت نے حال ہی میں دریائے ستلج میں ہیڈ ہر یکے پر ایک اور بڑے سیلاب کے خدشے کی وارننگ دی ہے۔ اس سے قبل، 24 اگست کو دریائے توی میں بھی سیلابی ریلے کی اطلاع دی گئی تھی۔ یہ بروقت انتباہ اگرچہ سیلاب سے بچاؤ کے لئے ضروری ہے، لیکن اس کی ترسیل کے طریقہ کار نے سنجیدہ سوالات اٹھائے ہیں بھارت نے یہ اطلاعات سندھ طاس کمیشن کے رسمی طریقہ کار کے بجائے سفارتی ذرائع سے دی ہیں، جس سے معاہدے کی روح مجروح ہوتی ہے۔ بھارت کی جانب سے پانی چھوڑنے کے بعد دریائے ستلج میں گنڈا سنگھ والا کے مقام پر اونچے درجے کا سیلاب برقرار ہے۔ پنجاب کے متعدد اضلاع، جن میں قصور، اوکاڑہ، پاکپتن، بہاولنگر، اور وہاڑی شامل ہیں، شدید متاثر ہوئے ہیں۔ ان علاقوں میں کئی گاؤں زیر آب آ چکے ہیں، اور بڑی تعداد میں کھڑی فصلیں مکمل طور پر تباہ ہو چکی ہیں پاکستان پہلے سے سنگین موسمی حالات کا سامنا کر رہا ہے ایسے میں بھارت کی جانب سے عالمی معاہدوں کی خلاف ورزی بہت بڑا لمحہ فکریہ ہے۔ اس وقت بھی پنجاب کے متعدد اضلاع یا تو سیلاب کی زد میں آ چکے ہیں یا پھر وہاں سنگین سیلابی صورتحال کے خدشات موجود ہیں دریائے چناب میں ہیڈ مرالہ اور خانکی پر نچلے درجے کا سیلاب ہے، جبکہ دریائے سندھ میں گدو، سکھر، تربیلا، کالاباغ اور چشمہ پر بھی مختلف درجات کے سیلاب کی صورتحال ہے سیلاب سے نمٹنے کی کوششوں میں بروقت اور شفاف معلومات کی ترسیل انتہائی اہمیت کی حامل ہے سندھ طاس معاہدہ 1960 میں عالمی بینک کی ثالثی میں پاکستان اور بھارت کے درمیان طے پایا تھا اور اسے جنوبی ایشیا کے سب سے کامیاب آبی معاہدوں میں سے ایک سمجھا جاتا ہے۔ اس معاہدے میں ایک اہم شق یہ ہے کہ دونوں ممالک ایک دوسرے کو سیلاب، پانی کے بہاؤ اور کسی بھی بڑے آبی منصوبے سے متعلق معلومات کا تبادلہ باقاعدگی سے کریں گے۔ اس مقصد کے لئے سندھ طاس کمیشن قائم کیا گیا تھا، جس کا کام معاہدے کی نگرانی اور اس پر عمل درآمد کو یقینی بنانا ہے۔ یہ معاہدہ نہ صرف آبی وسائل کی تقسیم سے متعلق ہے بلکہ دونوں ممالک کے درمیان ایک طویل اور کشیدہ تاریخ کے تناظر میں امن اور استحکام کی علامت بھی ہے مگر جنونیت پر استوار بھارتی عزائم اس معاہدے کے حوالے سے ٹھیک نہیں یہ معاہدہ قائم رہا رواں سال بھارت نے اس اہم معاہدے کے حوالے سے بچگانہ بیانات دیئے اور جیسا کہ دفتر خارجہ کے ترجمان نے کہا، پاک بھارت جنگ کے بعد سیلابی صورتحال کے حوالے سے یہ اہم رابطے ہیں۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس معاہدے نے کشیدگی کے باوجود دونوں ممالک کو بات چیت کا ایک پلیٹ فارم فراہم کیا ہے، اور اس کا احترام کیا جانا انتہائی ضروری ہے پاکستان کا واضح موقف ہے کہ بھارت نے سیلاب سے متعلق وارننگز سندھ طاس کمیشن کے باقاعدہ میکانزم کے بجائے سفارتی ذرائع سے فراہم کی ہیں، جو معاہدے کی شقوں کی صریح خلاف ورزی ہے۔ سندھ طاس معاہدے کی دفعات کے مطابق، بھارت کو اس طرح کی تمام معلومات کی ترسیل سندھ طاس کمیشن کے ذریعے کرنی چاہئے، تاکہ اس کا ایک ریکارڈ موجود ہو اور مستقبل میں اس کی بنیاد پر کوئی تنازع پیدا نہ ہو۔ اس طرح کا یکطرفہ اقدام پاکستان کے لئے نہ صرف تشویش کا باعث ہے بلکہ اس سے معاہدے کی ساکھ بھی متاثر ہوتی ہے۔ دفتر خارجہ نے اس بات پر بھی گہری تشویش کا اظہار کیا ہے کہ بھارت نے یکطرفہ طور پر معاہدے کو معطل رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ ترجمان کے مطابق، یہ اقدام نہ صرف بین الاقوامی قوانین کی سنگین خلاف ورزی ہے بلکہ یہ جنوبی ایشیا میں امن اور استحکام کے لئے بھی خطرناک ہے۔ اگر بھارت معاہدے کی شرائط پر عمل نہیں کرتا اور کمیشن کو غیر فعال رکھتا ہے، تو اس سے مستقبل میں پانی سے متعلق تنازعات پیدا ہو سکتے ہیں، جو دونوں ممالک کے درمیان مزید کشیدگی کا باعث بنیں گے۔ پاکستان کا موقف بالکل واضح اور بین الاقوامی قوانین کے عین مطابق ہے۔ پاکستان چاہتا ہے کہ بھارت سندھ طاس معاہدے کی تمام شقوں پر مکمل طور پر عمل درآمد کرے۔ یہ نہ صرف پانی کے انتظام کے لئے ضروری ہے بلکہ یہ علاقائی امن اور استحکام کی بھی ضمانت ہے۔ پاکستان نے بارہا یہ بات واضح کی ہے کہ معاہدے کی خلاف ورزی پانی کے بحران کے ساتھ ساتھ سیاسی کشیدگی کو بھی بڑھا سکتی ہے۔ پاکستان کی تائید یہ ہے کہ آبی وسائل ایک مشترکہ مسئلہ ہیں اور ان پر سیاست نہیں ہونی چاہئے۔ معاہدے کی روح کا احترام کرتے ہوئے باہمی تعاون کو فروغ دینا ہی خطے کی فلاح و بہبود کے لئے ضروری ہے۔ بھارت کی جانب سے پاکستان کو سیلاب کے خطرے سے آگاہ کرنا ایک مثبت قدم ہے، لیکن اس اقدام کا طریقہ کار تشویش کا باعث ہے بھارت سندھ طاس معاہدے کے تحت طے شدہ طریقہ کار کی پیروی کرے۔ بین الاقوامی قوانین اور معاہدوں کا احترام پائیدار امن اور خوشحالی کے لئے لازم ہے اس معاہدے کی مکمل پاسداری سے ہی مستقبل میں آبی بحران اور سیلاب جیسے مسائل سے حل کرنا جا سکتا ہے۔ لہٰذا، بھارت پر یہ لازم ہے کہ وہ فوری طور پر سندھ طاس کمیشن کو فعال کرے اور تمام معلومات کی ترسیل باقاعدہ اور شفاف طریقے سے یقینی بنائے بھارت پاکستان کو نقصان پہنچانے کی ذہنیت سے جان چھڑائے وہ پوری طرح پابندی ہے کہ سندھ طاس معاہدے کی پاسداری کرے جو معلومات وہ سفارتی ذرائع سے دے رہا ہے کمیشن کے ذریعے دی جانی چاہئے تھیں اور ترجمان دفتر خارجہ نے بالکل ٹھیک کہا ہے کہ معاہدے کو معطل رکھنے کا یکطرفہ بھارتی اعلان نہ صرف بین الاقوامی قوانین کی سنگین خلاف ورزی ہے بلکہ بھارت کا یہ اقدام پورے خطے کے لئے سنگین نتائج کا حامل ہو سکتا ہے۔

امریکا اور چین کیساتھ تعلقات پاکستان کیلئے چیلنج

انداز بیاں — محمد عامر رانا



سیاسی طبل جنگ؟

اظہار خیال — عاصمہ شیرازی

بقا کے خول میں مقید عورت

زاویہ نظر — ملیحہ سید

'موذن مرحبا بروقت بولا'

خورشید ندیم

نئے صوبوں کا قیام ہی حل ہے

اظہار خیال — عمران یعقوب خان

ڈیجیٹل کرنسی کے معاشی اثرات

دسترس — میاں عمران احمد



پاکستان میں ڈیجیٹل اثاثوں اور کاروبار سے متعلق قوانین پر کام جاری ہے اور اس میں مرحلہ وار پیش رفت دیکھنے میں آ رہی ہے۔ پاکستان کی ڈیجیٹل کرنسی میں عملی اقدامات 2021ء میں شروع ہو گئے تھے جب سٹیٹ بینک نے سنٹرل بینک ڈیجیٹل کرنسی (CBDC)

علاقائی طاقت کا بدلتا توازن

وفاق نامہ — رشید صافی



کچھ قانونی اور ریاستی پیچیدگیاں ہیں میری کوششوں سے 18 سے زائد افراد بازیاب ہو چکے ہیں، ڈی سی گوادر

حمود الرحمن سے مسنگ پرسنز کے لواحقین کی ملاقات، پیاروں کی بازیابی کی درخواست پیش کی، معتبرین اور خواتین شریک

جن گھروں کے بچے غائب ہیں ان کی پریشانی بجا، روزانہ ان معاملات پر لواحقین سے ملاقات کرتا رہتا ہوں، وفد سے گفتگو

گوادر (ن ن) ڈپٹی کمشنر حمود الرحمن سے مسنگ پرسنز کے لواحقین نے ملاقات کی اور اپنے پیاروں کی بازیابی کے لیے درخواست پیش کی۔ اس موقع پر ضلع کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والی سیاسی و سماجی شخصیات اور معتبرین موجود تھے، جن میں واجہ حسین واڈیلہ، حفیظ کیازئی، چیئرمین میونسپل کمیٹی گوادر ماجد جوہر، بشیر ہوت سمیت دیگر معتبرین اور خواتین بھی شریک تھیں۔ ملاقات کے دوران ڈپٹی کمشنر حمود الرحمن نے کہا کہ: میرا دفتر عوام کی خدمت کے لیے ہر وقت کھلا ہے، یہ آپ سب کا دوسرا گھر ہے۔ جب بھی کسی مسئلے کے حل کے لیے آنا چاہیں، میرے دروازے آپ کے لیے ہر وقت کھلے رہیں گے۔" انہوں نے مسنگ پرسنز کے مسئلے پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یہ معاملہ ضلع کے عوام کا اہم مسئلہ ہے، جس پر وہ مسلسل کام کر رہے ہیں۔ "جس دن سے کوئی شخص مسنگ ہوا ہے، میں اسی دن سے اس معاملے پر متحرک ہوں۔ کچھ قانونی اور ریاستی پیچیدگیاں ہیں جس کی وجہ سے وقت لگتا ہے، لیکن میری کوششوں سے اب تک 18 سے زائد افراد بازیاب ہو چکے ہیں۔" ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ جن گھروں کے بچے غائب ہیں ان کی پریشانی بجا ہے اور میں روزانہ ان معاملات پر لواحقین سے ملاقات کرتا رہتا ہوں۔ اس موقع پر سیاسی شخصیت واجہ حسین واڈیلہ نے ڈپٹی کمشنر کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ: "آپ نے ہمیشہ اپنے وعدے پورے کیے ہیں اور عوام کے مسائل میں ساتھ دیا ہے۔" ڈپٹی کمشنر حمود الرحمن نے مزید کہا کہ ان کی بھرپور کوشش ہے کہ ضلع گوادر میں مسنگ پرسنز کا مسئلہ جلد از جلد حل ہو۔ اس سلسلے میں ایک امن کمیٹی (CommitteePeace) قائم کی جا رہی ہے، جس میں علاقائی معتبرین، سیاسی و سماجی شخصیات اور بااثر لوگ شامل ہوں گے۔ یہ کمیٹی بلاامتیاز اور غیر سیاسی انداز میں مسنگ پرسنز کی بازیابی کے لیے تعاون کرے گی۔

قلات، آل پارٹیز کا واپڈا کے ناروا سلوک کے خلاف شٹر ڈاؤن ہڑتال

جلسہ عام، ریلی، مظاہرہ، ڈی سی کی مسئلہ ایک ہفتے میں حل کرنے کی یقین دہانی

قلات (آن لائن) آل پارٹیز قلات کے زیر اہتمام واپڈا کے ناروا سلوک، و بھاری بھرکم بلوں خلاف شہر میں مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال جلسہ عام، ریلی و ڈپٹی کمشنر آفس کے سامنے مظاہرہ، ڈپٹی کمشنر و واپڈا حکام کی مسئلہ ایک ہفتے میں حل کرنے کی یقین دہانی، جب تک مسئلہ حل نہیں ہوتا صارفین بل جمع نہیں کریں گے، عوام کا موقف، صرف زبانی کلامی سوشل میڈیا پر اپنے کو محسن قلات خادم قلات قائد قلات و دیگر القابات لکھنے والے عملی خدمات سے یکسر محروم ہیں، وہ میدان میں آئے اور مسائل حل کرے، مقررین کا خطاب، تفصیلات کے مطابق قلات میں آل پارٹیز کی کال پر واپڈا حکام کی جانب سے بجلی کے ناجائز بھاری بھرکم بلوں کے خلاف شٹر ڈاؤن ہڑتال رہی پرچون، بیکری، میڈیکل اسٹورز، چکن و مٹن شاپس سبزی فروش، بینک، سمیت تمام مارکیٹیں و کاروباری مراکز مکمل بند رہیں، دوسری جانب صارفین آل پارٹیز کے ہمراہ احتجاجی مظاہرہ و جلسے کا انعقاد کیا گیا احتجاجی مظاہرہ سے بی این پی کے رہنما و انجمن تاجران کے میر منیر احمد شاہوانی بی این پی عوامی کے مرکزی رہنما زمیندار ایکشن کمیٹی کے حاجی عزیز مغل نیشنل پارٹی ضلع قلات کے صدر کامریڈ ظہور بلوچ بی این پی کے میونسپل کمیٹی کے کونسلر احمد نواز بلوچ پاکستان سنی تحریک کے مولانا محمد یونس لہڑی جمعیت علما اسلام نظریاتی کے میر مبارک خان محمد حسنی جمعیت علمائے اسلام کے مولوی منیر احمد بچاری مشترکہ ملازمین کی حسین بخش ریئسانی، ہندو پنچایت کے ڈاکٹر ہری چند سمیت دیگر رہنماؤں نے خطاب کیا

خانوزئی روو ملازئی ناناصاحب لورالائی روڈ مسلسل التوا کا شکار

ناناصاحب روو ملازئی کیلئے پی ایس ڈی پی میں فنڈز کی کمی التوا کی وجہ ہے

خانوزئی (نامہ نگار) خانوزئی سے براستہ روو ملازئی ناناصاحب لورالائی روڈ عرصہ 20 سال میں 90 کلومیٹر کام نامکمل اور التوا کے شکار ہے علاقے کے ذمہ دار قابل ایم پی اے ایم این اے مسلسل غفلت کا مظاہرہ پیش ہے خانوزئی سے براستہ ناناصاحب روو ملازئی لورالائی روڈ ایک نہایت خوبصورت وادی پر سے گزرتا ہے سارا سال سدابہار موسم سرسبز علاقہ شمار ہوتا ہے بہت کم فاصلہ شمار ہوتا ہے امن امان کے حوالے سے ایک مثالی حیثیت رکھتا ہے لورالائی اور پنجاب کیلئے بہت کم فاصلہ کا روٹ شمار ہوتا ہے قدرتی جنگلات صنوبر کے درخت کا بے مثال جنگل سے روٹ کا گزر ہوتا ہے وقت کی بچت ڈیزل تیل کی بچت گرمی سے حفاظت کئی بیشمار حوالوں سے بہت بہتر روٹ شمار ہوتا ہے سخت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ عرصہ 20 سال سے ٹینڈر ہو چکا ہے صوبائی حکومت نے اپنے ذمہ لے لیا ہے اور صوبائی محکمہ کی سپرد کر دیا گیا ہے لیکن بد قسمتی سے صوبائی بجٹ رسہ کشی کے شکار ہے کئی اسمبلیاں گزر گئی بیشمار بجٹ صوبے کو مل گیا ناناصاحب روو ملازئی کیلئے پی ایس ڈی پی میں فنڈز کی مسلسل کمی کا شکار ہے صوبائی حکومتوں کے سارے دعوے اور وعدے جھوٹ ثابت ہو چکا ہے کہ پورانے ترقیاتی منصوبوں کو مکمل کریں گے اور نئے منصوبے پر بعد میں کام شروع کریں گے حالیہ روٹ کا صورت سب کے سامنے ہے کہ عرصہ 20 سال سے 90 کلومیٹر روڈ کا اج بھی 50% فیصد کام نامکمل ہے علاقے کے ذمہ دار قابل سیاست دان ایم پی اے ایم این اے کا مسلسل غفلت کا مظاہرہ سخت افسوس کی بات ہوگا

کمشنر لورالائی ڈویژن کا آئی ٹی انسٹیوٹ لورالائی کا دورہ

انفارمیشن ٹیکنالوجی دور جدید کی اہم ضرورت ہے، ولی محمد بڑیچ

لورالائی (ن ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ نے آئی ٹی انسٹیوٹ لورالائی کا دورہ کیا۔ انہوں نے ہاکٹر کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا، طلباء سے بات چیت کرتے ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ انفارمیشن ٹیکنالوجی دور جدید کی اہم ضرورت ہے اس کی اہمیت سے انکار نہیں کر سکتا اس کے بغیر کسی بھی شعبہ میں ترقی ناممکن ہیں۔ کمشنر لورالائی ڈویژن نے کہ طلباء فری لانسنگ میں مہارت حاصل کریں جس سے گھر بیٹھے کمایا جا سکتا ہے انہوں نے ہاکٹر کے اساتذہ کو بھی ہدایت کی کہ وہ اپنے طلباء کو محنت سے پڑھائیں تا کہ ان کا وقت ضائع نہ ہوں۔ پرنسپل ہاکٹر عزیز اللہ خان نے کمشنر کو بجلی، نیٹ ورک، ڈی ایس ایل کے نہ ہونے اور دیگر درپیش مسائل سے آگاہ کیا۔

اوستہ محمد ایس ایچ او انسپکٹر عبدالروف، جعلی گرفتار ملزم کے بارے میں تفصیلات بتا رہے ہیں

چمن: اے سی امتیاز علی بلوچ منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سکول طلباء کیلئے یونیفارم کی دستیابی کو فوری یقینی بنایا جائے، امتیاز علی بلوچ

بینکوں کے سامنے سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب کو بغیر کسی انتظار کے فوری طور پر لگایا جائے اے سی

اس کام کو پہلے مکمل ہونا چاہیے تھا تاہم دیر آید درست آید اب جتنا جلد ہو مکمل کیا جائے، خطاب

چمن (نامہ نگار) ضلع چمن اے سی چمن امتیاز علی بلوچ کی زیر صدارت چمن کے مختلف بینکس منیجرز کیساتھ بینکوں کے سامنے سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب اور گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول چمن کے 200 طلباء کے یونیفارم سپانسر شپ کے حوالے سے اجلاس منعقد کیا گیا اج گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائر سیکنڈری سکول چمن کے 200 طلباء کے یونیفارم کی اسپانسر شپ اور بینکوں کے سامنے سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب کے حوالے سے اے سی چمن اور بینکس منیجرز نے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اجلاس میں بینکوں کے آفیسروں نے چمن میں بینکوں کے اندرونی اور بیرونی سی سی ٹی وی کیمروں اور سیکورٹی کیلئے اٹھائے گئے اقدامات کے حوالے سے تفصیلی معلومات فراہم کی گئیں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اے سی چمن نے کہا کہ سکول طلباء کیلئے یونیفارم کی دستیابی کو یقینی جلد ممکن ہو سکے طلباء کو دی جائیں اور بینکوں کے سامنے سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب کو بغیر کسی انتظار کے لگائے جائیں تا کہ کسی قسم کی ناخوشگوار واقعے کی صورت میں تحقیقات اور قانونی کارروائی میں آسانی ہو۔ انہوں نے کہا کہ اس کام کو پہلے ہی مکمل کیا جانا چاہیے تھا تاہم دیر آید درست آید اب بھی یقینی جلد ممکن ہو کیمروں کی تنصیب کو یقینی بنایا جائے اجلاس میں چمن بینکس منیجرز گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول چمن کے پرنسپل اور دیگر متعلقہ افسران شریک تھے

کولپور چیک پوسٹ پر فروٹ گاڑیوں کو وقت پر چھوڑا جائے، ملک عبدالخالق

میرئی اڈہ (نامہ نگار) میرئی اڈہ کلی ملک حیدر میرئی کے قبائلی رہنما ملک عبدالخالق کاکڑ نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کولپور چیک پوسٹ پر فروٹ گاڑیوں کو وقت پر چھوڑا جائے ضلع قلعہ عبداللہ کے فروٹ مارکیٹ پہنچنے میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے ہم حکومت بلوچستان سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ کولپور چیک پوسٹ ضلع قلعہ عبداللہ خاص کر بلوچستان کے فروٹ گاڑیوں کو ٹائم پر چھوڑا جائے تا کہ ہمارے فروٹ بروقت مارکیٹ تک پہنچ جائے اور فروٹ خراب ہونے سے بچ جائے اگر راستے میں ہی فروٹ خراب ہو جاتا ہے حکومت بلوچستان فوری طور پر اقدامات اٹھایا جائے ورنہ شدید احتجاج کرنے پر مجبور ہو نگے

اسسٹنٹ کمشنر برشور نوید بلوچ کا لیویز تھانہ برشور کا اچانک دورہ

پشین (ن ن) ڈپٹی کمشنر منصور احمد قاضی کے ہدایات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر تحصیل برشور نوید بلوچ نے لیویز تھانہ برشور کا اچانک دورہ کیا۔ اس دوران ایڈیشنل ایس ایچ او تھانہ سمیت پانچ لیویز اہلکار ڈیوٹی پر موجود پائے گئے، جبکہ دیگر چار اہلکار تھانہ ڈیوٹی سے غیر حاضر تھے۔ اسسٹنٹ کمشنر نے اس دوران روزنامچے کا معائنہ بھی کیا، جو کہ تھانہ محرر کی عدم تعیناتی کی وجہ سے مکمل نہیں کیا گیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ ڈیوٹی روسٹر یا چیک پوسٹوں پر اہلکاروں کی تعیناتی کے حوالے سے کوئی مناسب ریکارڈ بھی دستیاب نہیں تھا، تاہم اسسٹنٹ کمشنر نے نظم و ضبط کو برقرار رکھنے اور امن و امان کی فضاء بحال رکھنے کیلئے لیویز اہلکاروں کا ڈیوٹی شفٹوں کے دوران زیادہ سے زیادہ تعداد میں فورس کی موجودگی کو یقینی بنانے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ تمام اہلکاران اپنی سونپی گئی ذمہ داریاں خوش اسلوبی سے سر انجام دیں، تاہم غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کرنے والے اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی، جبکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بروقت نمٹنے کے لیے بھرپور انداز میں چوکس رہنے کی ضرورت ہے، اور اس ضمن میں مونیٹرنگ کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے موثر اقدامات کی ضرورت ہے، تا کہ امن و امان کی موجودہ صورتحال کو مزید تقویت مل سکے۔

میرئی اڈہ، قبائلی رہنما ملک عبدالخالق کاکڑ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

علاقے کی تعمیر و ترقی اور عوام کی خوشحالی ترجیح رہی ہے، عبدالغفور لہڑی

مفادات اور تعصب پرمبنی سیاست کو نصیر آباد کے عوام نے ہمیشہ کیلئے مسترد کر دیا ہے

ہمارے سپورٹرز اور ووٹرز ہماری اصل سیاسی قوت ہیں جنہیں کبھی تنہا نہیں چھوڑیں گے

نصیر آباد (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما اور سابق صوبائی وزیر میر عبدالغفور لہڑی نے کہا ہے کہ ہم ہمیشہ علاقے کی تعمیر و ترقی اور عوام کی خوشحالی کو ترجیح دیتے ہیں مفادات اور تعصب پرمبنی سیاست کو نصیر آباد کے عوام نے ہمیشہ کیلئے مسترد کر دیا ہے ہمارے سپورٹرز اور ووٹرز ہماری اصل سیاسی قوت ہیں جنہیں کبھی تنہا نہیں چھوڑیں گے دستیاب تمام فنڈز بلاتفریق عوامی فلاح و بہبود اور اجتماعی ترقیاتی منصوبوں پر خرچ کیے جا رہے ہیں جبکہ بے روزگاری کم کرنے کے لیے روزگار کے مواقع بھی فراہم کیے جا رہے ہیں عوامی خدمت کے مشن میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے لہڑی ہاؤس میں نصیر آباد سے آئے مختلف وفود سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر میر نیاز محمد لہڑی، کامریڈ ترک علی لہڑی، ثناءاللہ چھلگری، محسن علی گولہ اور دیگر معززین بھی موجود تھے سابق صوبائی وزیر میر عبدالغفور لہڑی نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے رکن بلوچستان اسمبلی اور صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن حاجی میر محمد خان لہڑی خلوص دل اور سچائی کے ساتھ اپنے حلقہ انتخاب کے عوام کی دن رات خدمت میں مصروف عمل ہیں۔ تعلیم، صحت، مواصلات، بجلی کی فراہمی، آبنوشی، زراعت اور لائیو اسٹاک سمیت مختلف شعبوں میں عوامی مسائل حل کیلئے موثر اقدامات کیے گئے ہیں جن کے ثمرات سے عوام مستفید ہو رہے ہیں

بعدالت جناب جوڈیشل مجسٹریٹ IV صاحب کوئٹہ، بااختیارات ڈسٹرکٹ جج کوئٹہ

درخواست جانشینی نمبر 34/25 — آئندہ تاریخ پیشی 08/09/25

1 رخسانہ گل دختر محمد گل کاکڑ مرحوم سکنہ B-9 ریلوے ہاؤسنگ سوسائٹی کوئٹہ بنام 1 بی بی ساجدہ بیوہ محمد گل کاکڑ مرحوم 2 شائستہ گل 3 ریحانہ گل کاکڑ 4 رضوانہ گل 5 شیر احمد کاکڑ 6 شبیر احمد 7 روحانہ گل کاکڑ 8 بشیر احمد 9 رومانہ گل 10 فیصل بینک لمیٹڈ 11 عوام الناس

درخواست زیر دفعہ 372 جانشینی ایکٹ 1925 برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ

اشتہار بنام عوام الناس: ہرگاہ درخواست مندرجہ بالا عنوان سائل اسائلان نے ایک درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ بابت متوفی عدالت ہذا میں گزاری ہے۔ جس کی آئندہ تاریخ سماعت 08/09/25 کو مقرر ہو چکی ہے۔ لہٰذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر درخواست کی بابت کسی کو کسی قسم کا عذر یا اعتراض ہو تو تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر درخواست کی پیروی کریں۔ بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آج بتاریخ 23/08/25 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

61968

بعدالت جناب جوڈیشل مجسٹریٹ 4 صاحب کوئٹہ، بااختیارات ڈسٹرکٹ جج کوئٹہ

درخواست جانشینی نمبر 29/25 — آئندہ تاریخ پیشی 27/08/25

1 فہمیدہ بیوہ مرحوم نیک محمد 2 محمد امجد 3 اسرار احمد 4 ازمیر احمد 5 سہیل احمد 6 دل دختران و پسران نیک محمد ساکنان۔ کلی عالم خان کوئٹہ بنام عوام الناس

درخواست زیر دفعہ 372 جانشینی ایکٹ 1925 برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ

اشتہار بنام عوام الناس: ہرگاہ درخواست مندرجہ بالا عنوان سائل اسائلان نے ایک درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ بابت متوفی عدالت ہذا میں گزاری ہے۔ جس کی آئندہ تاریخ سماعت 27/08/25 کو مقرر ہو چکی ہے۔ لہٰذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر درخواست کی بابت کسی کو کسی قسم کا عذر یا اعتراض ہو تو تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر درخواست کی پیروی کریں۔ بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آج بتاریخ 23/08/25 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

ڈی پی آر

بعدالت جناب فیملی جج (3) کوئٹہ

مثل نمبر /2025 — درخواست گارڈین

1 سونیا زوجہ نجیب اللہ 2 فاطمہ زہرا (نابالغ) 3 محمد الیاس (نابالغ) درخواست گزار نمبر 1 والدہ و نابالغان حقیقی سرپرست درخواست گزار نمبر 1 والدہ و حقیقی گارڈین سکنہ ترین روڈ کلی محمد خروٹی اسٹریٹ کوئٹہ بنام 1 نجیب اللہ ولد محمد اسلم سکنہ خیاوی چلیبر خیل تحصیل خیاوی ڈسٹرکٹ زیارت حال فیصل پارڈ ڈبل روڈ کوئٹہ 2 عوام الناس

اشتہار بنام عوام الناس: ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 09/09/2025 مقرر ہو چکی ہے بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضر عدالت ہذا ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اشتہار ہذا آج بمورخہ 25/8/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

61965

بعدالت جناب فیملی جج (2) صاحبہ کوئٹہ

مثل نمبر 74/25 — دعویٰ گارڈین شپ

محمد ابراہیم ولد محمد حیات سکنہ جان محمد روڈ کوئٹہ بنام عوام الناس

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 1 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 8,400,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million) In Relevant Category And Specialized Code is CE04(ii) (Irrigation & Flood Control Systems), CE04(v) (Irrigation Only). 2- similar nature work 50% of the estimated cost along with work orders and completion certificate Has a minimum Bank Credit Line Facility at least 50% of the project cost Non black listing & Litigation Affidavit, in case of Litigations,history should be enclosed (Attach affidavit on Rs. 100 non-judicial stamp paper duly attested by notary public) Affidavit of Declaration of all documents that are provided are true and genuine on stamp paper duly attested by notary public Rs.100/-infavour of Executive Engineer Irrigation Division Quetta along with the work name and TSE no of the subject work FBR Tax return of last three years showing financial capacity Rs. 1000 tender fees in favour of Executive Engineer irrigation division Quetta 2% CDR in favour of Executive Engineer Irrigation Division Quetta from a schedule bank of Pakistan **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 2% specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **10 September, 2025** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **10 September, 2025** till **11:00 AM**. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under- signed at **12:00 PM Address:** Quetta Phone no: 0302384779 Email: nill18@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER
IRRIGATION DIVISION
QUETTA

PRQ No.798/25-8-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1 — وزیراعلیٰ

پسماندگی کے خاتمے اور ترقی و خوشحالی کو یقینی بنایا جا سکے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ وسائل کی منصفانہ تقسیم اور شفافیت ہی صوبوں کی ترقی اور ایک مضبوط وفاق کی ضمانت ہے۔ مشاورت کا مقصد بلوچستان کا متفق اور مضبوط موقف سامنے لانا ہے تاکہ ہر سطح پر صوبے کے عوامی مفادات کا تحفظ کیا جا سکے انہوں نے کہا کہ ہم سب کی کامیابی ایک مضبوط اور منظم وفاق میں ہے اور این ایف سی ایوارڈ کو قومی یکجہتی اور باہمی اعتماد کے فروغ کا ذریعہ بنایا جائے گا۔

بقیہ 2 — بستیاں زیرآب

متعلق معلومات ذرائع کا بتانا ہے کہ بھارت کی طرف سے ماضی میں بھی سیلابی پانی کی تفصیلات دی جاتی رہی اس حوالے سے ترجمان دفتر خارجہ شفقت علی خان کا بتانا ہے کہ بھارت نے 24 اگست کو سیلاب کی وارننگ سندھ طاس کمیشن کے بجائے سفارتی چینلز سے دیں، پاکستان نے اعادہ کیا بھارت معاہدے کی تمام شقوں پر مکمل عملدرآمد کا پابند ترجمان دفتر خارجہ کا بتانا ہے کہ بھارت کا سندھ طاس معاہدے کو معطل قرار دینا بین الاقوامی قانون کی سنگین خلاف ورزی ہے، بھارت کے یکطرفہ اقدامات خطے کے امن و استحکام پر سنگین منفی اثرات ڈال سکتے یاد رہے گزشتہ رات بھی بھارت کی جانب سے پاکستان سے رابطہ کیا گیا تھا اور دریائے طوی میں جموں کے مقام پر ممکنہ بڑے سیلاب سے پاکستان کو آگاہ کیا ذرائع کا بتانا ہے کہ گزشتہ رات بھارت کی جانب سے مئی میں ہونے والی پاک بھارت جنگ کے بعد پہلا بڑا رابطہ کیا گیا بھارت نے مئی میں پاکستان سے ہونے والی جنگ کے بعد یکطرفہ طور پر سندھ طاس معاہدہ ختم کرنے کا اعلان کیا تھا جسے پاکستان نے مسترد کر دیا تھا۔ بھارت کی جانب سے ستلج کے بعد دریائے راوی میں پانی چھوڑ دیا ڈپٹی کمشنر کے مطابق دریائے راوی میں کوٹ نیناں کے مقام پر پانی کا بہاؤ 79 ہزار 800 کیوسک ریکارڈ کیا ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ نالہ اوج میں جلالہ کے مقام پر پانی کا بہاؤ 48500 کیوسک جبکہ جسڑ کے مقام پر پانی کا بہاؤ 73926 کیوسک ریکارڈ کیا ڈپٹی کمشنر کے مطابق نالہ ڈیک میں پانی کا بہاؤ 1800 اور نالہ بئیں میں 1656 کیوسک ریکارڈ کی دوسری جانب بھارت کی جانب سے دریائے ستلج میں پانی چھوڑنے کے بعد اونچے درجے کا سیلاب ہے، دریائے ستلج میں گنڈا سنگھ والا پر اونچے درجے کا سیلاب ریکارڈ کیا ترجمان فلڈ فورکاسٹنگ ڈویژن نے بتایا کہ ہیڈ گنڈا سنگھ والا میں پانی کی سطح 21.30 فٹ بلند ہوگئی، مزید اضافہ جاری ہے اور ہیڈ گنڈا سنگھ والا پر بھارت سے 141755 کیوسک پانی پاکستان میں داخل ہیڈ سلیمانکی کے مقام پر درمیانے درجہ کا سیلاب ہے، ہیڈ سلیمانکی کے مقام پر پانی کی آمد 94143 کیوسک اور زیریں بہاؤ 87529 کیوسک ریکارڈ کیا خیال رہے کہ بھارت نے 24 گھنٹوں میں پاکستان سے دوسرا رابطہ کر کے دریائے ستلج میں سیلاب کی پیشگی اطلاع دی ہے۔ بھارت کی جانب سے پانی چھوڑنے کے بعد دریائے ستلج کے کئی مقامات پر حفاظتی بند ٹوٹ گئے جس سے کئی بستیاں زیر آب آ گئی ہیں اور ہزاروں لوگ بے گھر ہو گئے ہیں۔ پاکپتن کی بستی چکرا لوکا اور کنڈ مین سنگھ کے حفاظتی بند بھی ٹوٹ گئے، سیلابی پانی قریبی آبادیوں میں داخل ہو گیا، علاقہ مکین اپنی مدد آپ کے تحت بند باندھنے میں مصروف ہیں۔ ستلج سے متاثرہ اضلاع میں قصور، اوکاڑہ، پاکپتن، بہاولنگر اور وہاڑی شامل ہیں، ریسکیو ٹیموں کے مطابق دیہاتیوں اور ان کے مویشیوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا گیا ہے۔ پنجاب کی صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے ترجمان کے مطابق دریائے ستلج نے سرحد کے قریب علاقوں کو خطرے میں ڈال دیا ہے، انسانی آبادی اور مکانات بھی متاثر ہوئے ہیں، لوگ اپنے مال مویشیوں کے ساتھ محفوظ مقامات کی طرف نقل مکانی کرنے پر مجبور ہیں۔

بقیہ 3 — پاکستان

وزرائے خارجہ کے فلسطین کی صورتحال پر ہونیوالے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ اسحاق ڈار نے کہا کہ فلسطین میں اسرائیل کے مسلط کردہ قحط کے باعث ہنگامی امداد کی فراہمی اشد ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیلی حملوں میں بے گناہ فلسطینیوں کو شہید کیا گیا، غزہ میں 60 ہزار کے قریب بچے شہید کیے گئے، او آئی سی کا ہنگامی اجلاس بلانے پر ترکیہ اور ایران کے شکرگزار ہیں۔ اسرائیل کی جانب سے بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزیاں کی جا رہی ہیں، فلسطینیوں کو اجتماعی سزا دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتالوں، سکولوں اور پناہ گزین کیمپوں پر حملے عالمی قوانین کے خلاف ہیں، فلسطین میں قحط کی صورتحال ہے، فوری اقدامات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برادری غزہ میں مستقل اور غیر مشروط جنگ بندی کیلئے اقدامات کرے، اسرائیل کا گریٹر اسرائیل منصوبہ خطے میں امن کیلئے خطرہ ہے، پاکستان اس منصوبے کو سختی سے مسترد کرتا ہے، غزہ میں انسانی امداد کی فوری اور محفوظ رسائی ممکن بنائی جائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ غزہ سے جبری بیدخلی اور قبضے کا فوری خاتمہ کیا جائے، پاکستان عرب ممالک کی خودمختاری اور سالمیت کی حمایت کرتا اور مسئلہ فلسطین کے 1967 سے پہلے کی سرحدوں پر مبنی دو ریاستی حل کا حامی ہے۔

بقیہ 4 — رپورٹ طلب

وزارتوں سے تاخیری منصوبوں کی رپورٹ اور پیشرفت نہ کرنے والی وزارتوں کی فہرست بھی طلب کر لی ہے۔ وزیراعظم نے تمام وزارتوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ سی پیک منصوبوں کی رفتار تیز کرنے کے لیے فوری اقدامات اٹھائیں۔ رواں ماہ کے آخر میں وزیراعظم کے متوقع دورہ چین کے دوران سی پیک منصوبوں کی پیش رفت اہم موضوع ہوگا۔ چینی قیادت کے ساتھ ملاقاتوں میں منصوبوں میں تاخیر کی وجوہات کا جائزہ لیا جائے گا اور سی پیک فیز ٹو کے باضابطہ آغاز پر بات چیت کی جائے گی۔

بقیہ 5 — قومی ہیرو

نے تینوں افراد کو شاباشی سرٹیفکیٹ دیے اور چند روز میں گلگت بلتستان کے دورے کا عندیہ دیتے ہوئے متاثرہ گاؤں کو ماڈل ویلج بنانے کا اعلان بھی کیا۔ وزیراعظم نے قومی ہیروز سے کہا کہ انسانی جانیں بچا کر آپ نے خدمت کے جذبے کا اظہار کیا، آپ جیسے لوگ پوری قوم کیلئے مسیحا کا درجہ رکھتے ہیں۔

بقیہ 6 — ہنگو ایف سی

حکام کے مطابق دہشت گردوں کے حملے میں فیڈرل کانسٹیبلری کے 3 جوان شہید اور 17 زخمی ہوئے۔ ایس پی آپریشنز کا بتانا ہے کہ پولیس اور ایف سی کی بھرپور جوابی کارروائی میں دہشت گرد فرار ہو گئے۔ ایس پی اسد زبیر کا کہنا ہے کہ زخمی اہلکاروں کو ڈوآبہ ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 7 — سوئی ناردرن

قیمت میں اضافے پر عوامی سماعت کی، جس دوران سوئی ناردرن گیس کمپنی نے 291 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو اضافہ مانگ لیا۔ دوران سماعت سوئی ناردرن گیس کمپنی کے حکام نے گیس ٹرانسپورٹیشن کی مد میں اضافہ مانگا تاہم انڈسٹریل صارفین نے قیمتوں میں اضافے کے مطالبے کی مخالفت کی اور صارفین کی جانب سے گیس کی قیمتوں میں اضافے کے مطالبے پر سخت تنقید کی گئی۔

بقیہ 8 — ایف بی آر

روپے سے زائد کی آمدن پر آڈٹ رپورٹ کے مطابق 2022-23 اور 2023-24 میں 1026 افراد نے سپر ٹیکس جمع نہیں کرایا، اور 168 ارب روپے کا ٹیکس چوری کیا آڈٹ حکام کے مطابق ایف بی آر نے نہ ہی کوئی قانونی کارروائی شروع کی اور نہ ہی کوئی ایکشن لیا حکام کے مطابق ایف بی آر کو فروری اور نومبر 2024 میں اس بے قاعدگی اور ٹیکس چوری سے آگاہ کیا اور جنوری 2025 میں ایف بی آر کو قانونی کارروائی شروع کرنے کا کہا آڈٹ حکام کے مطابق ایف بی آر نے 4 کروڑ 80 لاکھ روپے ریکور کیے ہیں اور ایک ارب 94 کروڑ روپے کے نوٹس بھی ارسال کیے فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے جواب میں کہا ہے کہ 6 ارب 33 کروڑ روپے کی ریکوری کے کیسز عدالتوں میں ہیں، 160 ارب کی ریکوری کے لیے کارروائی شروع کی لیکن کوئی ریکوری نہیں آڈٹ حکام نے ایف بی آر سے ریکوری کا عمل تیز کرنے کی سفارش کرتے ہوئے تفصیلی جواب طلب کیا ہے۔

بقیہ 9 — ملک بدر

۔ سرکاری ذرائع کے مطابق مزید 1062 غیر قانونی رہائش پذیر افغان شہریوں کو طورخم سرحد کے راستے ملک بدر کیا گیا، ڈی پورٹ ہونے والے 776 افراد پی او آر کارڈ ہولڈر تھے۔

بقیہ 10 — نوٹیفکیشن جاری

وفاقی حکومت نے کابینہ ارکان کی ایک ماہ کی تنخواہ سیلاب متاثرین کی مدد کیلئے دینے کا اعلان کیا تھا یہ رقم وزیراعظم کے سیلاب متاثرین ریلیف فنڈ میں جائے گی۔ وفاقی حکومت نے وفاقی بیوروکریسی کے گریڈ 19 سے 22 کے افسران کی ایک دن کی تنخواہ بھی ریلیف فنڈ میں دینے کا اعلان کیا تھا

بقیہ 11 — اسلام آباد ہائیکورٹ

ہوئے جواب طلب کر لیا۔ پیر کو چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے افغان شہریوں کی درخواست کا تحریری حکمنامہ جاری کر دیا۔ سماعت میں درخواست گزاروں کی جانب سے وکلا عادل عزیز قاضی اور دیگر عدالت میں پیش ہوئے تھے۔

بقیہ 12 — حماد اظہر

کی خالی نشست پر ان کے بھتیجے ارسلان ظہیر کو الیکشن لڑایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ والدہ کی ہدایت پر این اے 129 کا ضمنی الیکشن لڑنے کا فیصلہ کیا ہے، پی ٹی آئی اگر بائیکاٹ نہیں کرتی تو میرے کزن ارسلان ظہیر کو ضمنی الیکشن لڑایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس نے میرے والد کو ہراساں کیا، انہیں گرفتار کیا گیا، میرے گھر پر بار بار چھاپے مارے گئے۔ انہوں نے کہا کہ میں اپنے والد کا اکلوتا بیٹا اور فیملی کا واحد وارث ہوں، اپنی والدہ کو ایک اور صدمے سے دوچار نہیں کرنا چاہتا۔

بقیہ 13 — بارشوں سے اموات

بارشوں اور سیلاب کے باعث 7175 مکانات کو نقصان پہنچا جبکہ 5552 مویشی ہلاک ہو چکے۔ اعداد و شمار کے مطابق جاں بحق ہونے والوں میں 203 بچے، 476 مرد اور 119 خواتین شامل ہیں جبکہ 592 ریسکیو آپریشنز میں ایک لاکھ 6 ہزار سے زائد افراد کو بچایا گیا۔ این ڈی ایم اے کے مطابق سب سے زیادہ 497 اموات خیبر پختونخوا میں ریکارڈ ہوئیں جبکہ پنجاب میں 165 افراد، سندھ میں 55 اور بلوچستان میں 24 اموات رپورٹ ہوئیں۔

بقیہ 14 — تاریخی کامیابی

کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق نیشنل لاجسٹک سیل (این ایل سی) اور ڈی پی ورلڈ نے متحدہ عرب امارات سے تاجکستان تک تجارتی سامان کی پہلی کامیاب ترسیل مکمل کر لی اور کھیپ تاجکستان کے دارالحکومت دوشنبے پہنچا دی۔ 38 ٹن آٹو موبائل اسپیئر پارٹس کی کھیپ جبل علی پورٹ سے کراچی پہنچی تھی، جس کے بعد دبئی سے دوشنبے تک کا سفر محض 16 دنوں میں ممکن بنایا گیا۔

بقیہ 15 — عمران خان

پی او راولپنڈی کو بھجوا دی گئی۔ سابق چیئرمین کے وکیل تابش فاروق کے ذریعے سی پی او راولپنڈی خالد ہمدانی کو بھجوائی گئی درخواست میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز، اڈیالہ جیل کے سپرنٹنڈنٹ، اے ایس پی زینب، ایس ایچ او اعزاز اور چوکی انچارج اڈیالہ سمیت 8 افراد کے خلاف مقدمہ درج کرنے کی استدعا کی گئی ہے۔ کوریئر سروس کے ذریعے سی پی او آفس بھیجی گئی درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ سابق چیئرمین کو قید میں مروجہ سہولیات نہیں دی جا رہی وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر جیل میں قیدی کے حقوق تک نہیں دیے جا رہے سابق چیئرمین کے سیل میں روشنی تک نہیں جبکہ ان کے اہل خانہ کو ملاقات تک کی اجازت نہیں دی جاتی انہیں مسلسل اندھیرے میں رکھا جاتا ہے اور سابق چیئرمین کے خلاف یہ تمام اقدامات وزیر اعلیٰ پنجاب کی ایما پر کیے جا رہے ہیں درخواست میں کہا گیا ہے کہ اڈیالہ جیل پنجاب کی حدود میں آتا ہے جبکہ مریم نواز ماضی میں دھمکیاں دے چکی ہیں کہ سابق چیئرمین ایک فتنہ ہیں جسے ختم کیا جا رہا ہے اسی طرح اے ایس پی زینب اور ایس ایچ او اعزاز سمیت چوکی انچارج باہم مشورے سے اہل خانہ کو ہراساں کرتے ہیں حالانکہ سابق چیئرمین کے خلاف اقدامات اور بہنوں سے نہ ملنے پر ہائی کورٹ کے حکم کی بھی خلاف ورزی کی جا رہی ہے لہٰذا درخواست میں نامزد مریم نواز سمیت آٹھوں افراد کے خلاف مقدمہ درج کیا جائے

بقیہ 16 — بانی اور بشریٰ بی بی

خانہ ٹو کیس کی سماعت (آج) اڈیالہ جیل میں ہوگی، عدالتی عملے نے بانی پی ٹی آئی کے وکلا کو آگاہ کر دیا۔ واضح رہے کہ اس کیس کی 3 سماعتیں ملتوی کردی گئی تھیں، توشہ خانہ ٹو کیس کی سماعت اڈیالہ جیل میں 10 بجے ہوگی۔

بقیہ 17 — سروائیکل کینسر

کی بچیوں کو مفت ویکسین لگائی جائے گی۔ وزارت صحت کے مطابق سروائیکل کینسر سے بچاؤ کی قومی ویکسینیشن مہم پنجاب، سندھ، آزاد جموں و کشمیر اور اسلام آباد میں 15 ستمبر سے 27 ستمبر جاری رہے گی۔ مہم کے دوران 9 سال سے 14 سال کی بچیوں کو ایچ پی وی ویکسین لگائی جائے گی۔ مہم کے دوران یہ ویکسین مفت لگائی جائے گی۔

بقیہ 18 — طلال چوہدری

اے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کو بھی کہا ہے کہ ان لوگوں سے لاتعلقی کریں جنہوں نے قانون توڑا ہے۔ طلال چوہدری کا کہنا تھا کہ پولیس نے شواہد اکٹھے کر کے گرفتاریاں کی ہیں، علیمہ خان کا بیٹا حسان نیازی کے ساتھ موجود تھا۔

بقیہ 19 — جسمانی ریمانڈ

جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کر دیا۔ پیر کو سرکاری ملازم پر تشدد اور کار سرکار میں مداخلت کے کیس میں نامزد ٹاؤن چیئرمین فرحان غنی سمیت دیگر ملزمان کو انسداد دہشت گردی کی نامزد عدالت کے جج کے روبرو پیش کیا گیا۔ عدالت نے تفتیشی افسر سے استفسار کیا کہ ملزمان کے کیا نام ہیں اور ان پر الزامات کیا ہیں؟ جس پر پولیس کے تفتیشی افسر نے بتایا کہ ملزمان نے مدعی مقدمہ سمیت دیگر کو مارا پیٹا ہے، مدعی مقدمہ پولیس اہلکاروں کی نگرانی میں کام کر رہے تھے۔

بقیہ 20 — رانا ثناء اللہ

وفاقی وزیر زرتاج گل کو بھی 10،10 سال قید کی سزا انسداد دہشت گردی عدالت نے مجموعی طور پر 59 پی ٹی آئی رہنماؤں و کارکنوں کو 10،10 سال قید کی سزا عدالت نے فیصل آباد سے پی ٹی آئی کے رکن صوبائی اسمبلی اسماعیل سیلا، شیخ شاہد جاوید، فرخ آغا، کنول شوزب، شیخ راشد شفیق، رائے مرتضیٰ، عنصر اقبال، بلال اعجاز، اشرف سوہنا، مہر جاوید اور شکیل نیازی کو بھی 10،10 سال قید کی سزا سنائی۔

بقیہ 21 — واپسی کی اجازت

کلان، سری میاں گان، لنڈے کلان، بلال مسجد ترخو، شمشیر گرقلعہ ترخو کو دہشتگردوں سے کلیئر کر دیا ہے۔ ضلعی انتظامیہ نے بتایا کہ سیکیورٹی فورسز کی جانب سے کلیئر کرائے جانے والے علاقوں میں حالات معمول پر آگئے اور مکمل ریاستی عملداری بحال ہے۔ ضلعی انتظامیہ نے کہا کہ کلیئر کرائے گئے علاقوں کے لوگ اپنے گھروں کو واپس جاسکتے ہیں، ریاست مکینوں کو مکمل حفاظت اور معاونت فراہم کرے گی۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق باجوڑ کے دیگر علاقوں کے متاثرہ خاندانوں کی واپسی کا عمل مرحلہ وار مکمل ہوگا۔

بقیہ 22 — اطلاعات

کرنے لگا تاجر و شہری پریشان تفصیلات کے مطابق اوستہ محمد اور اس کے گردونواح میں گزشتہ شب تیز طوفانی ہوائیں اور ساتھ ساتھ طوفانی بارشوں کا سلسلہ شروع ہوا بارش سے نشیبی علاقے زیرآب آگئے گھر گلیوں بازاروں میں پانی کھڑا رہا جبکہ جناح روڈ سمندر کا منظر پیش کرنے لگا۔ میونسپل عملہ پانی نکالنے میں مصروف ہے تیز ہواؤں سے کئی درختوں کے گرنے کی اطلاعات ہیں دوران بارش بجلی غائب ہوگئی شہریوں کو پریشانی کا سامنا کرنا۔

بقیہ 23 — عالمی بینک

رقم صوبہ پنجاب میں ایجوکیشن سیکٹر میں بہتری کیلئے خرچ کی جائے گی، پرائمری کلاسز میں طلبا وطالبات کی تعداد کو بڑھایا جائے گا۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ گراٹ سے اسکولوں میں طلبا کی تعداد کو بڑھانے میں بھی مدد ملے گی۔ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ منصوبے کے تحت 40 لاکھ طلبا کو بہتر سہولیات فراہم کی جائیں گی، اس پروگرام کے تحت 80 ہزار نئے طلبا اسکول داخل ہوسکیں گے۔

بقیہ 24 — دو سو کوئلہ کانوں

کم ہوگئی مائنز اونروں کو بڑے پیمانے پر نقصانات کا سامنا۔ محکمہ معدنیات بلوچستان کے حکام کے مطابق صوبے میں 60 سے 70 فیصد کوئلہ کانیں بند ہوچکی ہیں جس کی وجہ بدامنی کے واقعات، عدم تحفظ اور غیرقانونی طور پر مقیم افغان مہاجرین لیبر کا انخلاء ہے۔ صوبے کے علاقوں مچ اور دکی میں بیشتر کوئلہ کانیں بند پڑی ہیں، دکی کی دو سو کوئلہ کانوں میں سے اسوقت بمشکل 50 سے 60 کوئلہ کانیں فعال ہیں مچ اور کوئٹہ کی بیشتر کوئلہ کانیں بند ہونے سے مائنز اونروں کو نقصانات کا سامنا ہے۔ محکمہ معدنیات کے حکام نے بتایا کہ بلوچستان میں دو سال قبل تک سالانہ 40 لاکھ ٹن کوئلہ نکالا جاتا تھا مگر اب اس کی مقدار کم ہوکر 15 لاکھ ٹن رہ گئی ہے۔

بقیہ 25 — ریلوے

منسوخ کر دیا گیا۔ ریلوے حکام کے مطابق سوموار کو کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس 2 روز کے لیے منسوخ کردی گئی، ریلوے حکام کا کہنا ہے کہ جعفر ایکسپریس پیر اور منگل کو پشاور نہیں جائیگی جبکہ گزشتہ روز پشاور سے کوئٹہ کیلئے بھی جعفر ایکسپریس کو منسوخ کیا گیا ہے۔ ریلوے حکام کے مطابق جعفر ایکسپریس کی منسوخی کی وجہ بارشوں سے پیدا صورتحال ہے۔

بقیہ 26 — گورنر کا حلف

25 مخصوص نشستوں کے ارکان کی گورنر کے سامنے حلف برداری کو غیرآئینی قرار دیتے ہوئے دوبارہ حلف لینے کی ہدایت جاری کر دی۔ تاہم اپوزیشن اراکین نے دوبارہ حلف اٹھانے سے انکار کر دیا ہے۔ خیبر پختونخوا اسمبلی کی 25 مخصوص نشستوں پر حلف لینے کے معاملے نے نیا رخ اختیار کرلیا ہے۔ اسپیکر اسمبلی بابر سلیم سواتی نے گورنر کے سامنے ارکان سے لیے گئے حلف کو غیرآئینی قرار دیتے ہوئے دوبارہ حلف لینے کی ہدایت کر دی ہے۔ اپوزیشن نے اسپیکر کی ہدایت کو مسترد کرتے ہوئے دوبارہ حلف لینے سے انکار کردیا ہے۔

بقیہ 27 — سیکرٹری خزانہ

جا سکیں گی تاکہ صوبے کی پسماندگی پر قابو پانے کیلئے مالی ضروریات کو بہتر طریقے سے اس فورم میں پیش کرنے کے لیے موثر لائحہ عمل تیار کر سکے تاکہ ہمارے صوبے کی وسیع و عریض وبہا تمام مالی مسائل کا حل تلاش کرنے کے لیے کوششوں کو مزید تیز کرنا ہے۔ ایڈیشنل سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ نے بلوچستان بینک کے قیام کے حوالے سے بھی بریفنگ دی اور بتایا کہ دیگر صوبوں میں بینک قائم ہو چکے ہیں، بلوچستان میں بھی اس ضمن میں عملی اقدامات تیزی سے جاری ہیں۔ میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ صوبے کی حاصل بڑھانا مالی خودکفالت اور معاشی ترقی کے لیے بینک کا قیام ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا اور بلوچستان کے عوام کو جدید بالیاتی سہولیات فراہم کرنے کے لئے مواقع میسر آئیں گے۔

بقیہ 28 — سلمان اکرم راجہ

علیحدگی کا فیصلہ کرلیا۔ سلمان اکرم راجہ نے اپنے ایک بیان میں پارٹی کا عہدہ چھوڑنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کر کے عہدہ واپس لینے کی استدعا کروں گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ وہ پی ٹی آئی سیکریٹری جنرل کا عہدہ چھوڑ رہے ہیں تاہم اپنی بطور وکیل اور عدالتی خدمات کو بلا معاوضہ جاری رکھیں گے۔ سماجی رابطے کی سائٹ پر اپنے پیغام میں سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ چیئرمین کے اعتماد پر شکرگزار ہوں، میں زندگی بھر جمہوریت، آئین اور قانون کی بالادستی کیلئے جدوجہد کی، خواتین اور اقلیتوں پر جبر کے خلاف ہمیشہ آواز بلند کی، مزدوروں اور پنشنرز کے حقوق کی جنگ لڑی۔ انہوں نے کہا کہ میں نے ایئر مارشل اصغر خان کیس اور این آر او کے خلاف قانونی جدوجہد کی، میریان، عدت، سائفر اور فوجی عدالتوں کے خلاف مقدمات میں کامیابی حاصل کی مخصوص نشستوں کا مقدمہ جیتنا بھی بڑی کامیابی ہے۔ سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ مجھے ہیں جھوٹے دہشتگردی کے مقدمات میں ملوث کیا گیا، جیل سے نہیں ڈرتا، اپنی جدوجہد جاری رکھوں گا، میں نہ جاگیردار ہوں نہ روایتی سیاستدان، میرا مختصر خاندان میرے ساتھ کھڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کے اندر اور باہر ہر قسم کے حملے برداشت کیے اور ڈٹ کر کھڑا رہا، آئندہ بھی بانی پی ٹی آئی کے ساتھ کھڑا رہوں گا اور اپنی وکالتی خدمات بلامعاوضہ جاری رکھوں گا۔ پاکستان تحریک انصاف کے ذرائع نے بتایا کہ سلمان اکرم راجا، علیمہ خان کے درمیان ضمنی انتخابات معاملے پر بحث ہوئی۔ نجی ٹی وی کے مطابق پارٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ سلمان اکرم راجا، علیمہ خان کے درمیان ضمنی انتخابات معاملے پر بحث ہوئی، علیمہ خان نے کہا بانی پی ٹی آئی کا واضح پیغام تھا کہ ضمنی انتخابات میں حصہ لیں۔ سلمان اکرم راجا نے سیاسی کمیٹی کا موقف، ارکان کی رائے سے علیمہ خان کو آگاہ کیا، سلمان اکرم راجا نے کہا کہ ضمنی انتخابات میں شمولیت کے خلاف ووٹنگ میں 9 اور حق میں 13 نے بات کی۔ پارٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان سے بحث کی وجہ سے سلمان اکرم راجا دلبرداشتہ ہوئے۔

بقیہ 29 — سیلابی ریلے

کچھ گھروں کو نقصان پہنچا ہے۔ اے سی گلگت نے بتایا کہ سیلابی پانی سڑک پر بھی آگیا ہے جس سے طفر ایکسپریس وے کا کچھ حصہ متاثر ہوا ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر نے بتایا کہ تین متاثرہ گھروں کے مکینوں کو محفوظ مقام پر منتقل کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 30 — اسفند یار ولی

کانوٹس بھیج دیا ہے، سربراہ عوامی نیشنل پارٹی شیخ جان کو 100 ملین ہرجانے کا نوٹس بھیجا گیا۔ اسفند یار ولی خان نے ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں کہا کہ وسائل ...

بقیہ 31 — صدر ٹرمپ

بقیہ 32 — پولیس اہلکار شہید

بقیہ 33 — قائمہ کمیٹی

بقیہ 34 — غزہ اسرائیل

بقیہ 35 — وزیراعظم

بقیہ 36 — غیر ملکی دہشتگرد

بقیہ 37 — پابندی عائد

بقیہ 38 — بلٹ ٹرین

بقیہ 39 — عملی جدوجہد

بقیہ 40 — بجٹ کا کثر

بقیہ 41 — اپیل جاری

بقیہ 42 — سردار اختر مینگل

بقیہ 43 — وسائل بروئے

بقیہ 44 — حاجی ولی محمد نورزئی

بقیہ 45 — کوئٹہ مجبور

بقیہ 46 — حفاظت کو یقینی بنانا

بقیہ 47 — ہزار روپے جرمانہ

بقیہ 48 — فیصل بھانی

بقیہ 49 — حسین احمد شروانی

بقیہ 50 — جمیل اکبر بگٹی

بقیہ 51 — مولانا عبدالواسع

بقیہ 52 — پی کے میپ

بقیہ 53 — روپے بخشش

بقیہ 54 — سپریم کورٹ

بقیہ 55 — عمل میں لائی

بقیہ 56 — علامہ عبدالرحمٰن ساجد

بقیہ 57 — حوالے کردی

بقیہ 58 — میر آئین

بقیہ 59 — بے بیٹھ قصہ

بقیہ 60 — کارروائیاں جاری

بقیہ 61 — حاجی ایوب مریانی

بقیہ 62 — سیاسی استحکام

بقیہ 63 — نیک پارٹنرشپ

بقیہ 64 — بحالی بحوالہ

بقیہ 65 — ڈائریکٹرز کا اجلاس

بقیہ 66 — کیلئے ہمارے

بقیہ 67 — ظاہر کرنے کی کوشش

بقیہ 68 — کوششیں تحکم

بقیہ 69 — شرکت کی اپیل

بقیہ 70 — دو لیس ترجیح

سائنٹیفک تعلیم طاقتور ہتھیار ہے جسے ہم معاشی نظام بدلنے کیلئے استعمال کر سکتے ہیں، گورنر

بلوچ کالونی کی اہمیت وافادیت پر انٹرنیشنل سیمینار لازمی ہے تاکہ جامع اقتصادی پالیسی بنانے میں وفاقی وصوبائی حکومتوں کی رہنمائی کی جا سکے، جعفرمندوخیل

باہمی منافع بخش منصوبوں کیلئے ریسورس اور فنڈنگ سے فائدہ اٹھانے کیلئے قومی اور بین الاقوامی اداروں اور انڈسٹریز کے ساتھ تعاون کیا جائے

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا ہے کہ [illegible] ...... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے مسلم لیگ (ن) کے رہنما شوکت بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

حکومت عوامی مسائل کے حل کیلئے پرعزم ہے، سردار عبدالرحمن کھیتران

صوبے کی تعمیر وترقی کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما، صوبائی وزیر پی ایچ ای سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا ہے کہ حکومت عوام کے دیرینہ مسائل کے حل اور بلوچستان کی تعمیر وترقی کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے جس کا مقصد بلوچستان کو دیگر صوبوں کے برابر لا کر عوام میں پائے جانے والے احساس محرومی اور صوبے کی پسماندگی ...... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

پیپلز ٹرین سروس کیلئے پاکستان ریلویز وسائل بروئے کار لائے' سیکرٹری ٹرانسپورٹ

پیپلز ٹرین سروس پروجیکٹ میں پیش رفت کے حوالے سے اجلاس منعقد' ڈی ایس ریلوے بھی شریک

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری ٹرانسپورٹ کی زیر صدارت پیپلز ٹرین سروس پروجیکٹ میں پیش رفت کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈی ایس ریلوے، ڈائریکٹر بلوچستان ٹریفک انجینئرنگ بیورو اور محکمہ ٹرانسپورٹ ڈویلپمنٹ ونگ کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ منصوبے کا پی سی ون تیار ہوچکا ہے اور پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ ...... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

عوامی فلاح کے منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کرینگے، صوبائی وزراء

مسلم لیگ (ن) عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے ہم ملکر کوشش کریں گے کہ صوبے میں ترقیاتی عمل بلا تعطل جاری رہے، صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات سلیم کھوسہ

صوبائی حکومت عوامی مسائل سے بخوبی آگاہ ہے اور ان کے حل کے لئے جامع حکمت عملی اپنائی جارہی ہے، صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی

نصیر آباد (نامہ نگار) صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی [illegible] ...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

ایرانی وزیرداخلہ کا محسن نقوی سے رابطہ، سیلاب متاثرین سے اظہار ہمدردی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے ایرانی وزیر داخلہ نے ٹیلیفونک رابطہ کیا [illegible]

عوام کو بہترین انفراسٹرکچر کی فراہمی اولین ترجیح ہے، حاجی ولی محمد نورزئی

حلقہ پی بی 41 میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی ذاتی طور پر نگرانی کر رہا ہوں

کوئٹہ (اے پی پی) پارلیمانی سیکرٹری سماجی بہبود حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا ہے کہ تعمیراتی کام کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، عوام کو بہترین انفراسٹرکچر کی فراہمی حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے حلقہ پی بی 41 میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی ذاتی طور پر نگرانی کر رہا ہوں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تعمیراتی منصوبوں کے دورے کے ...... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

ٹریفک اہلکار کو زخمی کرنے والا رکشہ ڈرائیور گرفتار

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) [illegible]

ژوب غیر قانونی شکاریوں کے خلاف پولیس کی کارروائی

ژوب (آن لائن) ایس ایچ او قمرالدین کاریز سہراب خان اور لیویز جوانوں نے غیر قانونی شکار پارٹیوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے جھالوں کو اکھاڑ کر آگ لگادی اور پارٹیوں کو علاقے سے نکال کر روانہ کردیا اور انہیں تاکید کی کہ آئندہ غیر قانونی شکار سے گریز کرے۔

پشین تحصیل کاریزات سے چھینی گئی 2 موٹر سائیکلیں برآمد، 3 ملزمان گرفتار

پشین (این این آئی) پشین تحصیل کاریزات سے چھینی گئی دو موٹر سائیکلیں برآمد، تین ملزمان گرفتار، لیویز حکام کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر کاریزات کو اطلاع ملی کہ 3 ڈاکو عوام سے 2 موٹر سائیکل گن پوائنٹ پر چھین کر فرار ہوگئے ہیں، جس پر لیویز فورس نے کارروائی کرتے ہوئے 3 ملزمان کو مسروقہ موٹر سائیکلوں سمیت گرفتار کرلیا، جبکہ دوران تلاشی ملزمان کے قبضے سے 2 پسٹل بھی برآمد کئے گئے ہیں، واضح رہے کہ تینوں ملزمان کا تعلق سرخاب کیمپ سے ہے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا۔

صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی سے میر احمد کھوسہ ملاقات کررہے ہیں

سبی تا ہرنائی مسافر ٹرین 13 ماہ گزرنے کے بعد بھی بحال نہ ہو سکی

ٹریک کی مرمت کر کے تین انجن اور متعدد بوگیاں سبی منتقل کیں مگر سروس تاحال معطل

کوئٹہ (این این آئی) سبی سے ہرنائی کیلئے چلائے جانے والی ہرنائی مسافر ٹرین 13 ماہ کا عرصہ بیت جانے کے باوجود بحال نہیں ہوسکی۔ محکمہ ریلویز کے مطابق گذشتہ سال 23 جولائی کو مون سون بارش کے دوران سیلابی ریلہ سبی ہرنائی ریلوے ٹریک کے کچھ حصے کو بہا کر لے گیا تھا جس پر محکمہ ریلویز نے سبی ہرنائی ٹرین سروس معطل کردی تھی اس دوران محکمہ ریلو ...... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

ایس جی ایف ایم ایچ-بلیدہ کے پہلے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس

ہسپتال کے بجٹ اور 130 سے زائد آسامیوں کی باضابطہ منظوری دی گئی

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ظہور احمد بلیدی کی سربراہی میں شہید غلام فاروق میموریل ہسپتال بلیدہ کے پہلے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس کوئٹہ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبائی سیکریٹری صحت مجیب پانیزئی، ایڈیشنل سیکریٹری صحت شے حق بلوچ، ایڈیشنل سیکریٹری فنانس حافظ قاسم، کمشنر مکران قادر بخش پرکانی، ڈپٹی کمشنر ...... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

قلات میرا گھر عوام کو مایوس نہیں کریں گے' نواب ثناء اللہ زہری

قلات میں موجود لیڈرشپ نے عوامی مسائل کے بارے میں تفصیلی آگاہی دی ہے' چیف آف جھالاوان

عوام سے کئے وعدوں کو وفا کرنے کی کوشش کریں گے' نوابزادہ شعیب جان زہری سے ملاقات میں گفتگو

کراچی/قلات (آن لائن) جھالاوان ہاؤس کراچی میں پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سابق وزیراعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری سے پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما و چیئرمین میونسپل کمیٹی نوابزادہ میر شعیب جان زہری نے ملاقات کی اس موقع پر چیئرمین میونسپل کمیٹی نوابزادہ میر شعیب جان زہری نے قلات ...... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کو این ایف سی ایوارڈ اور بینک آف بلوچستان سے متعلق بریفنگ دی جارہی ہے

سنجاوی میں 5 افراد کے قتل کا مقدمہ' جرم ثابت ہونے پر زبیر احمد و محمد ابراہیم کو سزائے موت سنادی گئی

ہر 2 ملزمان کو مختلف دفعات کے تحت جرم ثابت ہونے پر مجموعی طور پر مزید 11/11 سال قید اور ہزاروں روپے جرمانہ کی سزائیں

جناب شاہد جاوید کی عدالت نے مقدمہ ہذا کو ایک اشتہاری اور دیگر مفرور ملزمان کی حد تک سرد خانے میں محفوظ رکھنے کا بھی حکم سنا دیا

کوئٹہ (آئی این پی) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج X کوئٹہ جناب شاہد جاوید نے سنجاوی میں 5 افراد کے قتل کے مقدمہ میں نامزد 2 ملزمان کو جرم ثابت ہونے پر سزائے موت اور ہر دو ملزمان کو مختلف دفعات کے تحت جرم ثابت ہونے پر مجموعی طور پر مزید گیارہ گیارہ سال قید اور ہزاروں روپے جرمانہ کی سزائیں سنادی ہیں، عدالت نے مقدمہ ہذا کو ایک اشتہاری اور دیگر مفرور ملزمان کی حد تک سرد خانے میں محفوظ رکھنے کا بھی حکم سنا دیا ہے۔ مدعی مقدمہ ولی محمد کی جانب سے لیویز تھانہ سنجاوی میں 20 نومبر 2019، کو مقدمہ نمبر 2019/21 ...... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

11 ویں این ایف سی ایوارڈ کیلئے صوبائی ممبر کا مجوزہ نام تبدیل

فرمان اللہ کے صوبائی ممبر بننے سے معذرت کے بعد قیصر بنگالی کا نام تجویز

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت نے 11 ویں این ایف سی ایوارڈ کیلئے صوبائی ممبر فرمان اللہ کو تبدیل کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے ماہر معاشیات قیصر بنگالی کا نام تجویز کردیا، قیصر بنگالی کو صوبائی ممبر بنانے کیلئے سمری وفاقی حکومت کو ارسال کردی گئی۔ بلوچستان کے صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے بتایا کہ وفاقی حکومت نے فرمان اللہ ...... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

جنگل کا قانون' گنداواہ روڈ پر مسلح ڈاکو وین روک کر مسافروں کو لوٹ کر فرار

مسافروں نے واقعہ کے خلاف شاہراہ بلاک کر کے احتجاج کیا' پولیس کے خلاف نعرے بازی

نوتال گنداواہ روڈ ڈاکوؤں کیلئے ایک محفوظ پناہ گاہ بن چکا ہے' سربراہ نجی ٹرانسپورٹ میر امجد ہنگورئی

نصیر آباد (نامہ نگار) نصیر آباد کے علاقے نوتال گنداواہ روڈ پر مسلح ڈاکوؤں نے ایک مسافر وین کو روک کر اس میں سوار افراد کو لوٹ لیا نجی ٹرانسپورٹ کی مسافر وین جیکب آباد سے گنداواہ جا رہی تھی ڈاکوؤں نے اسلحے کے زور پر وین کو روکا اور تمام مسا ...... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی مشیر ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی سے سیکرٹری سائرہ عطاء اور ایڈیشنل سیکرٹری نصیب اللہ ملاقات کر رہے ہیں

مظفر گڑھ' ہراسانی سے روکنے پر بااثر افراد نے نوجوان کی ٹانگ کاٹ دی

مظفر گڑھ (بیورو رپورٹ) پنجاب کے شہر مظفر گڑھ میں بہن کو ہراساں کرنے سے منع کرنے پر 2 بااثر افراد نے نوجوان پر تشدد اور فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں نوجوان شدید زخمی ہوگیا۔ بااثر افراد نے زخمی نوجوان کی ایک ٹانگ بھی کاٹ دی جبکہ تشدد سے نوجوان کی دوسری ٹانگ بھی شدید متاثر ہوئی۔ زخمی نوجوان کی والدہ نے اعلی حکام سے انصاف کی اپیل کردی

کوئٹہ: اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں اضافہ، عوام کا بجٹ تباہ

کوئٹہ (اے این این) شہر میں اشیائے ضروریہ کی قیمتیں آسمان کو چھونے لگی ہیں۔ سبزیوں، دالوں، گوشت اور آٹے کی قیمتوں میں حالیہ ہفتوں میں 20 سے 30 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ مہنگائی کے باعث گھریلو اخراجات پورے کرنا ناممکن ہوگیا ہے تاجروں کا کہنا ہے

ربیع الاول کا مہینہ اخوت اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے، فیصل جمالی

اس مقدس مہینے کو مذہبی عقیدت و احترام کے ساتھ منانا چاہیے، صوبائی وزیر

اوستہ محمد (آئی این پی) صوبائی وزیر برائے لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے 12 ربیع الاول کے پرنور موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ ربیع الاول وہ بابرکت مہینہ ہے جس میں دنیا کو رحمت للعالمین حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت میں وہ ہستی عطا ہوئی جنہوں نے انسانیت کو جہالت کے اندھیروں سے نکال کر علم، انصاف ...... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

26 اگست بلوچ قوم کیلئے ایک تاریخی دن ہے، جمیل اکبر بگٹی

شہید نواب محمد اکبر خان بگٹی نے اپنے خون کا نذرانہ دیکر ایک عظیم مثال قائم کی

کوئٹہ (آن لائن) نواب محمد اکبر خان بگٹی کے صاحبزادے نوابزادہ جمیل اکبر بگٹی نے کہا ہے کہ ہر سال 26 اگست کا دن بلوچستان اور بلوچ قوم کیلئے ایک تاریخی اور عظیم دن ہے یہ وہ دن ہے کہ جب 80 سالہ ضعیف العمر جسمانی لحاظ سے معذور نواب محمد اکبر خان بگٹی نے اپنے آرام دہ گھر کو چھوڑ کر مری قوم کے علاقے تراتانی کے دور دراز پہاڑوں پر بلوچ قوم ...... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

موٹر سائیکل سواروں کیخلاف کارروائیوں پر تحفظات ہیں، حسین احمد شرودی

پولیس نے اپنے تئیں فرض کرلیا کہ تمام تر جرائم میں موٹر سائیکل سوار ہی ملوث ہیں

شروع کی گئی یہ غلط مہم عام شہریوں کے لیے شدید پریشانی کا باعث بن رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی ناظم مالیات حاجی قاسم خان خلجی معاون ناظم مالیات میر سرفراز شاہوانی ایڈووکیٹ مولانا مفتی روزی خان بادیزئی مولانا حاجی عبدالمالک بڑیچ اختر جان مری مولانا مفتی رحمت اللہ سالار مولانا علی جان ڈپٹی سالار حافظ ...... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

قرآن میں بہن کا حصہ لکھ دیا گیا' حکم سے انکار کیسے ہو سکتا ہے، سپریم کورٹ

بھائی نے بہنوں سے خدمت کروائی ہے لیکن جائیداد میں حصہ نہیں دیا، بہنیں کھانا بنا کر دیتی ہیں گھر کی صفائی کرتی ہیں، جسٹس نعیم افغان

سپریم کورٹ نے بہن کے وراثتی حصے کے خلاف بھائی کی درخواست خارج کردی، جائیداد کی تقسیم نامے پر بہن کے دستخط نہیں، جسٹس حسن رضوی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے بہن کے وراثتی حصے کے خلاف بھائی کی درخواست خارج کردی۔ جسٹس حسن رضوی کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے سماعت کی۔ دوران سماعت، جسٹس نعیم افغان نے ریمارکس دیے کہ بھائی نے بہنوں سے خدمت کروائی ہے لیکن جائیداد میں حصہ نہیں دیا، بہنیں کھانا بنا کر دیتی ہیں گھر کی صفائی کرتی ہیں۔ جسٹس حسن رضوی نے ریمارکس دیے کہ قرآن میں بہن کا حصہ لکھ دیا گیا قرآن کے حکم سے کیسے انکار ہو سکتا ہے، جائیداد کی تقسیم نامے پر بہن کے دستخط نہیں ہیں۔ وکیل بھائی شہاب نے دلائل میں ...... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

قلعہ سیف اللہ، جمعیت نظریاتی کے زیراہتمام رکنیت سازی مہم کی افتتاحی تقریب سے مولانا قاری مہراللہ، مولانا جمعہ خان ودیگر خطاب کر رہے ہیں

عوام ہوشیار، جرائم پیشہ عناصر شہریوں کو خوفزدہ کر رہے ہیں، ایف آئی اے

جعلی ایف آئی آر کے ذریعے عوام کو خوف وہراس میں مبتلا کیا جارہا ہے شہری ایسے مقدمے کے بعد اپنی ذاتی و مالیاتی معلومات ہرگز شیئر نہ کریں

جرائم پیشہ عناصر خود کو ایف آئی اے اہلکار ظاہر اور واٹس ایپ کے ذریعے شہریوں کو "سائبر کرائم و دہشتگردی" جیسے سنگین الزامات لگا کر بلیک میل کر رہے ہیں' حکام

کوئٹہ (آن لائن) فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) کی جانب سے کہا گیا ہے کہ جعلی ایف آئی آر کے ذریعے شہریوں کو نامزد کرکے جرائم پیشہ عناصر خوف وہراس میں مبتلا کر رہے ہیں اس لئے شہری ایسی ایف آئی آر کے بعد اپنی ذاتی و مالیاتی معلومات ہرگز کسی سے شیئر نہ کریں مزید معلومات کیلئے ایف آئی اے ہیلپ لائن 1991 پر رابطہ کریں ایف آئی اے کو ایسی اطلاعات موصول ہوئی ہیں کہ جرائم پیشہ عناصر ایف آئی اے کے نام سے واٹس ایپ پر جعلی اور من گھڑت ایف آئی آر ارسال کر کے ہراساں کرتے ہیں۔ جعلی ایف آئی ...... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کو حلقہ انتخاب کے عوام ملاقات کے موقع پر درپیش مسائل سے آگاہ کر رہے ہیں

صوبے میں معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنا رہے ہیں، بخت محمد کاکڑ

نتائج کے حصول کیلئے شعبہ صحت میں اصلاحات اور ترقیاتی منصوبے شروع کیے ہیں

کوئٹہ (اے این این) وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبے کے عوام کو بہتر اور معیاری طبی سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اسی مقصد کے تحت صحت کے شعبے میں بڑے پیمانے پر اصلاحات اور ترقیاتی منصوبے شروع کیے گئے ہیں یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ صوبے بھر کے سرکاری اسپتالوں میں سہولیات کو بہتر بنانے کے لیے فنڈز جاری کیے جا چکے ہیں۔ نئے آلا ...... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

سیلاب متاثرین کی مدد کیلئے انتھک کاوشوں کی ضرورت ہے، مولانا عبدالقادر لونی

اس مشکل وقت میں مخیر حضرات، فلاحی ادارے اور سول سوسائٹی متاثرین کی مدد کیلئے آگے آئیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی کنوینر مفتی شفیع الدین مرکزی نائب امیر مولانا عبدالروف مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری نجیم خان ایڈووکیٹ مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ صوبائی امیر خیبر پختونخوا قاضی گل الرحمن تکیال صوبائی امیر پنجاب مولانا ثناءاللہ صوبائی ...... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

معاہدہ طے پا گیا' جیلوں میں داخلے پر قیدیوں کی سکریننگ لازمی قرار

معاہدے کے مطابق صوبے کی تمام جیلوں میں قیدیوں کو ٹی بی، ہیپاٹائٹس و ایچ آئی وی اسکریننگ، تشخیص اور مفت علاج فراہم کیا جائیگا

جیل میڈیکل اسٹاف کی خصوصی تربیت کیساتھ آگاہی مہمات کے ذریعے بیماریوں کی روک تھام کیلئے مربوط حکمت عملی اختیار کی جائے گی

سیکرٹری صحت مجیب الرحمان کی نگرانی میں ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ اور محکمہ جیل خانہ جات کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہو گئے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان میں قیدیوں کی صحت کے تحفظ اور متعدی امراض کی بروقت تشخیص و علاج کیلئے ایک تاریخی معاہدہ طے پا گیا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کے وژن اور وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ کی ہدایت پر سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمان کی نگرانی میں ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ بلوچستان اور محکمہ جیل خانہ جات کے درمیان مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کئے گئے اس معاہدے پر ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز بلوچستان ڈاکٹر امین خان مندوخیل اور انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات بلوچستان کیپٹن (ر) عبدالسعید نوید نے دستخط ...... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی مشیر ماحولیات وموسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمن خان ملاخیل سالانہ ضلعی مقابلہ حسن نعت کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

محکمہ صحت' بیسڈ اٹینڈنس پورٹل میں شامل نہ ہونیوالے ملازمین کی تنخواہوں سے کٹوتی

ہسپتالوں میں ملازمین کے کوائف پورٹل پر شامل نہیں جس سے حاضری کی مانیٹرنگ کے نظام میں رکاوٹ پیدا ہو رہی ہے

15 دن کی تنخواہ فوری کاٹ کر رپورٹ محکمے میں جمع کرائی جائے' حکم کی تعمیل نہ کرنے والے افسران کے خلاف کارروائی ہوگی' نوٹیفکیشن

کوئٹہ (خ ن) محکمہ صحت حکومت بلوچستان نے سخت کارروائی کا فیصلہ کیا ہے کہ ایسے تمام ملازمین جن کے پروفائلز اور تصاویر تاحال AI بیسڈ اٹینڈنس پورٹل پر اپ لوڈ نہیں کیے گئے، ان کی پندرہ (15) دن کی تنخواہ کٹوتی کے احکامات جاری کر دیئے گئے ہیں محکمہ صحت کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن میں واضح کیا گیا ہے کہ بار بار ہدایات کے باوجود متعدد ہسپتالوں میں ملازمین کے کوائف اور تصاویر پورٹل پر شامل نہیں کیے گئے جس سے شفافیت اور حاضری کی مانیٹرنگ کے نظام میں رکاوٹ پیدا ہو رہی ہے خط کے مطابق ہسپتالوں کے سر ...... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

مختلف اضلاع میں پی ٹی وی بوسٹرز کی بندش قابل مذمت ہے، پی کے میپ

خاص طور پر پشتون اضلاع میں نشریات کی بندش اور ملازمین کو بیروزگار کرنا ناقابل قبول ہے

پی ٹی وی کے تمام بوسٹرز کو فوری فعال بنا کر نشریات کو بحال اور مزدور دشمن عمل کو ترک کیا جائے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں پارٹی کے پاکستان ٹیلی ویژن کارپوریشن (PTV) کی جانب سے پشتون بلوچ صوبہ کے مختلف اضلاع بالخصوص پشتون اضلاع میں پی ٹی وی بوسٹرز کو بند کرنے کا اقدام دراصل ان اضلاع وعلاقوں میں عوام کو پی ٹی وی کی نشریات سے محروم کرنا اور متعلقہ بوسٹرز میں ملازمین کو بیروزگار کرنے کے مترادف ہیں۔ حکومت کی اس اقدام کی پارٹی شدید الفاظ میں مذمت ...... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان عوامی اینڈومنٹ فنڈ کیلئے 7 ارب روپے مختص ہیں

ہر ماہ تقریباً 9 کروڑ روپے کے علاج کے کیسز نمٹائے جا رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان عوامی اینڈومنٹ فنڈ غریب اور مستحق افراد کی صحت، سہولت اور روشن مستقبل کی ضمانت ہے حکومت بلوچستان عوامی خدمت کے سفر میں ایک اور سنگ میل سر کر رہی ہے۔ محکمہ سماجی بہبود کے تحت "بلوچستان عوامی اینڈومنٹ فنڈ" غریب اور مستحق مریضوں کے لیے امید کی روشن کرن ہے۔ اس پروگرام کے لیے 7 ارب روپے مختص کیے گئے، جن سے ہر ماہ تقریباً 9 کروڑ روپے کے علاج کے کیسز نمٹائے جا رہے ہیں۔ جس ...... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ کی مشیر کھیل مینا مجید اور صوبائی سیکرٹری دربلوچ ودیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کیش لیس معیشت کی طرف جائیں گے تو کرپشن کا خاتمہ ہوگا، شہباز شریف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ کیش لیس معیشت کی طرف جائیں گے تو کرپشن کا خاتمہ ہوگا، مستحقین کو بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی رقم اب گھر بیٹھے ملے گی۔ اسلام آباد میں بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت ڈیجیٹل والٹ کسٹم کی متعارف تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ حق داروں کو شفاف طریقے سے جدید نظام سے رقوم مل جائیں گی

سالانہ تربیتی اجتماع جے یو آئی پاکستان کی کوششوں کا تسلسل ہے' مولانا عبدالمالک

آج ہمارے معاشرے کی مجموعی فضا کو قول وعمل کے تضاد جیسے چیلنجز کا سامنا ہے' صوبائی امیر جے یو آئی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے صوبائی امیر مولانا عبدالمالک صوبائی رابطہ کمیٹی کے ارکان مولانا عبدالغنی ساسولی ڈاکٹر حفیظ الرحمان کھوسہ حاجی امین اللہ امین حاجی سید قاسم شاہ مولانا امان اللہ گرگناڑی اور ڈاکٹر اسماعیل بلیدی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ 4 ستمبر بروز جمعرات سہ پہر تین بجے جے یو آئی بلوچستان کے زیر اہتمام ...... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

زرمبادلہ کے ملکی ذخائر میں سالانہ بنیادوں پر 3.643 ارب ڈالر کا اضافہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) زرمبادلہ کے ملکی ذخائر میں جاری کیلنڈر سال سے کراب تک مجموعی طور پر 3.643 ارب ڈالر کا نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ سٹیٹ بینک کی جانب سے جاری کردہ اعدادوشمار کے مطابق دسمبر 2024 کے اختتام پر پاکستان کے پاس زرمبادلہ کے ذخائر کا حجم 15.927 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا، جس میں سٹیٹ بینک کے پاس زرمبادلہ کے ذخائر کا حجم 11.73 ارب ڈالر اور کمرشل بینکوں کے پاس زرمبادلہ کے ذخائر کا حجم 4.195 ارب ڈالر تھا

ریونیو کے نظام میں بڑے پیمانے پر اصلاحات جاری ہیں' عاصم کرد گیلو

محکمے میں زمینوں کے ریکارڈ کو کمپیوٹرائزڈ کرنے کا عمل تیزی سے جاری ہے صوبائی وزیر ریونیو

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر ریونیو بلوچستان میر عاصم کرد گیلو نے کہا ہے کہ بلوچستان میں ریونیو کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور عوام کو سہولت فراہم کرنے کے لئے بڑے پیمانے پر اصلاحات متعارف کروائی جارہی ہیں یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ زمینوں کے ریکارڈ کو کمپیوٹرائزڈ کرنے کا عمل تیزی سے جاری ہے تاکہ عوام کو زمین سے متعلقہ کاغذات کے حصول میں آسانی ہو ...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

ایف آئی اے امیگریشن افسران کی ڈیوٹی کا دورانیہ 12 گھنٹے کردیا گیا، سرکلر جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایف آئی اے امیگریشن افسران کی ڈیوٹی کا دورانیہ 12 گھنٹے کردیا گیا۔ ایف آئی اے امیگریشن اسٹرکچر میں اصلاحات پہلی سرکلر جاری کردیا گیا، جس کے مطابق کراچی ایئرپورٹ پر مسافروں کے رش کے باعث پروازوں میں تاخیر پر ایف آئی اے امیگریشن افسران کے ڈیوٹی کا دورانیہ 12 گھنٹے کردیا گیا ہے۔ سرکلر کے مطابق ہر شفٹ میں ایک انچارج، ایک جنرل چیکنگ افسر ڈیوٹی کرے گا، ایک شفٹ میں ایک ہیڈ محرر، ایک منشی اور ایک پی آر او ہوگا

کوئٹہ پشتونخوامیپ کے مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، شراف آغا ودیگر سٹی تحصیل سے مربوط افغان علاقائی یونٹ کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

حکمرانوں کی روش اور آئین سے روگردانی کے باعث عوام پریشان ہیں، مولانا ہدایت الرحمن

سید ابوالاعلیٰ مودودی نے ایک ایسی تحریک کی بنیاد رکھی جو ایک اسلامی وفلاحی معاشرے کے قیام کیلئے کوشاں ہے' صوبائی امیر جماعت اسلامی

آج یوم تاسیس دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ جماعت اسلامی محض ایک پارٹی نہیں بلکہ مقصد، فکر اور ایک عزم کا نام ہے' وفود سے ملاقات میں گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ تاسیس جماعت اسلامی 26 اگست کو جماعت اسلامی کے قیام کو یاد کرتے ہیں وہ دن جب بانی جماعت سید ابوالاعلیٰ مودودی نے ایک ایسی تحریک کی بنیاد رکھی گئی جو قرآن وسنت کی روشنی میں ایک اسلامی و فلاحی معاشرے کے قیام کیلئے کوشاں ہے۔ ہم سب مل کر اس دن کے عزم کو تازہ کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوادر میں تقاریب سے خطاب اور وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ آج یوم تاسیس جما ...... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

شنگھائی تعاون تنظیم ایک متحرک پلیٹ فارم ہے' محمد عبدالقادر

ایس سی او کی سربراہی سمٹ 31 اگست سے 1 ستمبر تک چین کے شہر تیانجن میں منعقد ہو رہی ہے' سینیٹر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کی سربراہی سمٹ 31 اگست سے یکم ستمبر تک چین کے شہر تیانجن میں منعقد ہو رہی ہے سربراہی اجلاس میں اہم سیاسی اور معاشی دستاویزات کا ایک سلسلہ جاری کیا جائے گا جن میں تیانجن اعلامیہ بھی شامل ہوگا جو بین الاقوامی ...... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

اوستہ محمد پولیس کی کارروائی' مغوی بازیاب گرفتار

کارروائی میں عرفان علی گرفتار ملزم کے خلاف اغواء کا مقدمہ درج تھا' مزید تفتیش جاری ہے

اوستہ محمد (رپورٹ حنیف بلوچ) اوستہ محمد پولیس کی کامیاب کارروائی اغواء کے مقدمہ میں روپوش ملزم گرفتار، مغویہ بازیاب تفصیلات کے مطابق ایس پی اوستہ محمد حسنین وارث کی ہدایات پر ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد داؤد کھوسہ کی نگرانی میں ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی اوستہ محمد عبدالرؤف جمالی نے اے ایس آئی شہزادہ خان جمالی و پولیس ملازمان کے ہمراہ خفیہ ...... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

بادینی بزنس گیٹ سے متعلق جلد خوشخبری ملے گی، حاجی ایوب مریانی

اس سلسلے میں ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان کا وفد کابل کے دورے پر ہے

پاک افغان حکام کی باہمی کاوشوں کے نتیجے میں تاجران کے مسائل حل ہوں گے

کوئٹہ (اے این این) ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان کے صدر حاجی محمد ایوب مریانی اور نائب صدر انجینئر میر ولی خان نے کہا ہے کہ پاک افغان حکام کی جانب سے باہمی کاوشوں کے نتیجے میں بادینی بزنس گیٹ سے متعلق جلد خوشخبری ملے گی، اس سلسلے میں ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان کا ایک وفد افغانستان کے دارالحکومت کابل کے دورے پر بھی ہیں وفد افغان وزارت تجارت و دیگر حکام کے ساتھ دوطرفہ تجارت، بادینی بزنس گیٹ ود ...... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

صحابہ کرام کی محبت اور عقیدت ہمارے ایمان کا حصہ ہے، علامہ عبدالرحیم ساجد

حضور نبی کریم ﷺ کے صحابہ دین کے سچے علمبردار اور ہدایت کے مینار ہیں، قاری ایوب معاویہ

کوئٹہ (آن لائن) سنی علما کونسل کوئٹہ صدر علامہ عبدالرحیم ساجد، جنرل سیکرٹری قاری ایوب معاویہ، مولانا مقبول شاہ، مولانا ایوب انصاری، مولانا فضل صدیقی، قاری نذیر احمد فاروقی، محمد آصف مینگل، شکیل احمد گجر، میر عبدالمالک، مولانا عبدالرازق، ودیگر نے اپنے بیان میں کہا کہ صحابہ کرام ہمارے ایمان کا لازمی جز ہیں، ان کی محبت اور عقید ...... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

سبی' کوئٹہ سے صادق آباد جانے والی گاڑی الٹنے سے 1 شخص ہلاک

حادثہ تیز رفتاری کے باعث پیش آیا' خواتین و بچوں سمیت 3 افراد زخمی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سبی کے علاقے ناڑی بینک میں کوئٹہ سے صادق آباد جانے والی گاڑی الٹنے کے نتیجے میں ایک شخص ہلاک، خواتین بچوں سمیت 3 افراد زخمی ہوگئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ سے صادق آباد جانے والی گاڑی سبی کے علاقے میں تیز رفتاری ...... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی مشیر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن میر محمد خان لہڑی سے علاقے کے معتبرین کا وفد ملاقات کر رہا ہے

ممبر ویلج ڈیفنس کمیٹی کو شہدا پیکج کے تحت ادائیگی نہ کرنے پر درخواست خارج

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے ممبر ویلج ڈیفنس کمیٹی کو شہدا پیکج کے تحت ادائیگی نہ کرنے پر توہین عدالت کی کارروائی کا کیس خارج کردیا۔ چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی، جس میں ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل خیبر پختونخوا نے مؤقف اختیار کیا کہ شہدا پیکج صرف دوران ڈیوٹی پولیس کی شہادت پر دیا جاتا ہے۔

میر حاصل بزنجو پوری زندگی غیر آئینی قوتوں سے نبرد آزما رہے، بلیدی

میر صاحب کی زندگی طویل جدوجہد سے عبارت انہوں نے غداری جیسے مقدمات کا سامنا بھی نہایت دلیری سے کیا' سینیٹر جان محمد بلیدی

میر حاصل بزنجو کو کبھی اقتدار یا ذاتی مفاد کیلئے لڑتے نہیں دیکھا وہ ساری زندگی اصولوں پر کاربند رہے' فرحت اللہ بابر

میر صاحب سے زیادہ زندگی کو قریب سے دیکھنے والا شخص آج تک نہیں دیکھا' ایوب ملک' یاسمین لہڑی ودیگر کا تعزیتی ریفرنس سے خطاب

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) سینیٹر میر حاصل خان بزنجو کا تعزیتی ریفرنس نیشنل پارٹی اسلام آباد کے زیراہتمام منعقد کیا گیا جس میں سینیٹر جان بلیدی، فرحت اللہ بابر، یاسمین لہڑی ایوب ملک سمیت کثیر تعداد میں عوام نے شرکت کی سینیٹر جان بلیدی کا کہنا تھا کہ میر حاصل بزنجو کی ساری جدوجہد کا مقصد پاکستان کو انسان دوست اور مظلوموں ومحکوموں کے حقوق و آئینی بالادستی کو یقینی بنانا تھا وہ ساری زندگی اس ملک میں جمہوری و آئینی بالادستی کیلئے غیر آئینی قوتوں سے نبرد آزما رہے ان کی زندگی طویل جدوجہد سے عبارت ہے جنہیں مقدمات حتی کہ غداری ...... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

اسلامی نظام کی سربلندی کی جدوجہد میں قوم ساتھ دے، جمعیت نظریاتی

ہمارا مقصد قرآن واحادیث نبوی ﷺ کی روشنی میں نظام حیات کے تمام شعبوں اور ملکی انتظامات میں مسلمانوں کی رہنمائی کرنا ہے' قاری مہراللہ

جمعیت نظریاتی اصولی سیاست کی قائل جاگیردارانہ نظام سے نجات کیلئے عملی جدوجہد کر رہی ہے' قلعہ سیف اللہ میں رکن سازی مہم سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع قلعہ سیف اللہ کی رکن سازی مہم سے صوبائی کنوینر مولانا قاری مہراللہ مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف ضلعی کنوینر مولانا امان اللہ مولانا جمعہ خان مولانا شاہ محمد عبدالرحیم صابر، رحمت اللہ شاکر حافظ امین اللہ خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نظریاتی کی سیاست کے اغراض ومقاصد اقامت دین اور اشاعت اسلام کیلئے منظم جدوجہد کرنا اور شعائر اسلام کا تحفظ ہے قرآن مجید واحادیث نبوی ﷺ کی روشنی میں نظام حیات کے تمام شعبوں، سیاسی، مذہبی، اقتصادی، معاشی اور ملکی انتظامات ...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر